

اپریل ۲۰۰۵

سید انتظار حسین شاہ

بیادِ حضرت میراں حسین زنجانیؒ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ لاہور

بانئ ادارہ منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز

A.B.C سے باقاعدہ منظور شدہ اشاعت



جلد نمبر 58 | APRIL 2005 | شمارہ نمبر 1

فہرست مضامین

قیمت 35 روپے

سالانہ چندہ 400 روپے
لائف ممبر شپ 7000 روپے

بیرون ممالک سالانہ چندہ

لائف ممبر شپ 505 ڈالر
مڈل ایسٹ 2000 روپے
انڈیا، ایران، سری لنکا 2000 روپے
یورپ، فار ایسٹ 3000 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 3000 روپے

ہیڈ آفس
فون: 042-5752277
042-5872277
فیکس: 042-5755253
موبائل: 0300-9456949
کاشانہ زنجانی 125-D گلبرگ II لاہور

کراچی آفس
فون: 021-2217544
موبائل: 0300-2110467
کاشانہ زنجانی آرام باغ روڈ کراچی ـ 74200

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/پبلشر نے حیدری پریس ریلوے روڈ لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی 125-D گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

حمد باری تعالیٰ

وہ سارے دُکھوں کی دوا دینے والا

سزا دینے والا، جزا دینے والا
وہ سارے دُکھوں کی دوا دینے والا
کوئی صدقِ دِل سے معافی تو مانگے
وہ بخشش کا دریا بہا دینے والا
نہیں اُس کا ثانی زمانے میں کوئی
وہ یکتا ہے، سب کو جلا دینے والا
یہ ساری کرامات ہیں بس اُسی کی
جو پل بھر میں دُنیا بنا دینے والا
اُسی کے ہے قبضے میں ساری خدائی
خدائی کے جوہر دکھا دینے والا
یہ چاند اور سورج، ستارے اُسی کے
وہی تو ہے سب کو ضیاء دینے والا
جو فرعون کرتے خدائی کے دعوے
وہ ایسوں کی ہستی مٹا دینے والا

ہدیہ عقیدت: مرزا شمس الحسن شمس

نعتِ رسولِ مقبولؐ

مولا علیؑ کو آپؐ سے نسبت ہے مصطفیٰؐ

مولا علیؑ کو آپؐ سے نسبت ہے مصطفیٰؐ
اُن سے اسی لئے بھی محبت ہے مصطفیٰؐ
دین مبیں کا قصر بھی ہے جگمگا اُٹھا
روشن چراغ حُسن شہادت ہے مصطفیٰؐ
میدانِ کربلا کے بہتر جری تھے جو
ایسی کسی میں بھی نہیں جرأت مصطفیٰؐ
طوفاں تھا چار سمت مگر وہ ڈٹا رہا
یہ آپؐ کے نواسے کی ہمت ہے مصطفیٰؐ
سارے جہاں کے پیارے نبیؐ! آپؐ پر سلام
ختم آپؐ پر ہوئی جو نبوت ہے مصطفیٰؐ
جو عِلم کے نگیں سے سجایا ہے آپؐ نے
وہ بزم کائنات کی زینت ہے مصطفیٰؐ
شمس الحسن بھی کرتا ہے اب وصفِ بوتراب
اُن کا وجود آپؐ کی غیرت ہے مصطفیٰؐ

ہدیہ عقیدت: مرزا شمس الحسن شمس

ساعات کی ترتیب آپکے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے

شمار	پہلی								دوسری							تیسری							چوتھی	
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

مقابلہ زہرہ مشتری

اس نحس وقت کی ابتداء 2 اپریل 11 بجکر 20 منٹ، مکمل نظر 3 اپریل 4 بجکر 51 منٹ خاتمہ نظر 3 اپریل 22 بجکر 22 منٹ پر ہوگا۔ ناجائز محبت میں نفاق کسی کو مرتبہ سے گرانے کیلئے سورہ لہب کے خالی البطن نقش کو لکھ کر احاطہ قبور میں دفن کریں ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۴۸۵	۲۸۸۶	۱۴۵۵
۲۴۲۵	یہاں مقصد لکھیں	۳۴۰۱
۲۹۱۶	۱۹۴۰	۹۷۰

مقابلہ شمس مشتری

اس نحس وقت کی ابتداء 2 اپریل 22 بجکر 58 منٹ، مکمل نظر 3 اپریل 20 بجکر 30 منٹ، خاتمہ نظر 4 اپریل 18 بجکر 2 منٹ پر ہوگا۔ دشمنوں کی املاک، کاروبار کو ویران کرنے کے لئے اگر ضروری ہو تو سورہ فیل کا خالی البطن نقش لکھ کر احاطہ قبور میں دبائیں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۶۸۸	۳۹۰۷	۱۴۶۴
۲۴۴۰	یہاں مقصد لکھیں	۳۴۱۹
۲۹۳۱	۱۹۵۲	۹۷۶

مریخ مشتری تثلیث

اس سعد وقت کی ابتداء 7 اپریل 6 بجکر 24 منٹ، مکمل نظر 8 اپریل 10 بجکر 30 منٹ، خاتمہ نظر 9 اپریل 14 بجکر 37 منٹ پر ہوگا۔ حصول از انعامات کے لئے اس وقت عملیات کئے جاسکتے ہیں۔ سورۃ نور کی 33 ویں آیت کا نقش حسب ذیل ہے۔ لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں اور اس آیت کو روزانہ 2186 مرتبہ پڑھنا معمول بنالیں۔ عجیب و غریب طریقے سے رزق کشادہ ہوتا پائیں۔

۷۸۶		
۳۳۵۳۸	۲۶۸۳۰۵	۱۰۰۶۱۴
۱۶۷۶۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۳۴۷۶۷
۲۰۱۲۲۹	۱۳۴۱۵۲	۶۷۰۷۶

تربیع زہرہ زحل

اس نحس وقت کی ابتداء 7 اپریل 16 بجکر 54 منٹ پر، مکمل نظر 8 اپریل 12 بجکر 45 منٹ، خاتمہ نظر 9 اپریل 6 بجکر 37 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین عورتوں مردوں میں فتنہ فساد پیدا کرنے کے لئے سورۃ مائدہ کے خالی البطن نقش کو لکھ کر احاطہ قبور میں دفن کریں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۷۰۷۱۲	۵۶۵۶۹۸	۲۱۲۱۳۶
۳۵۳۵۶۰	یہاں مقصد لکھیں	۴۹۴۹۸۶
۴۲۴۲۷۴	۲۸۲۸۴۸	۱۴۱۴۲۴

تربیع شمس زحل

اس نحس وقت کی ابتداء 9 اپریل 16 بجکر 7 منٹ مکمل نظر 10 اپریل 17 بجکر 36 منٹ، خاتمہ نظر 11 اپریل 18 بجکر 59 منٹ پر ہوگا۔ دشمنوں، حاسدین کی زبان بندی، نفاق، عداوت کیلئے سورۃ مائدہ کے خالی البطن نقش کو لکھ کر احاطہ قبور میں دفن کریں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں ورنہ رجعت کا اندیشہ ہے۔

۷۸۶		
۷۰۷۱۲	۵۶۵۶۹۸	۲۱۲۱۳۶
۳۵۳۵۶۰	یہاں مقصد لکھیں	۴۹۴۹۸۶
۴۲۴۲۷۴	۲۸۲۸۴۸	۱۴۱۴۲۴

مقابلہ عطارد مشتری

اس نحس وقت کی ابتداء 27 اپریل 12 بجکر 27 منٹ، مکمل نظر 28 اپریل 9 بجکر 34 منٹ، خاتمہ نظر 29 اپریل 5 بجکر 58 منٹ پر ہوگا۔ دشمنوں کی املاک، کاروبار کو خراب کرنے کیلئے سورۃ لہب کے خالی البطن نقش کو لکھ کر احاطہ قبور میں دفن کریں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۴۸۵	۲۸۸۶	۱۴۵۵
۲۴۲۵	یہاں مقصد لکھیں	۳۴۰۱
۲۹۱۶	۱۹۴۰	۹۷۰

مکتبہ آئینہ قسمت کی کتب دستیاب ہیں

ضروری اعلان

کاغذ کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ کی وجہ سے ماہنامہ آئینہ قسمت کی قیمت میں 5 روپے کا اضافہ ہوسکتا ہے۔ لہٰذا قارئین اور سیلز ایجنٹ نوٹ فرمالیں۔ (ادارہ)

ضرورت ہے

آفس میں کام کرنے کیلئے چپڑاسی (آفس بوائے) اور بمعہ گھریلو کام کیلئے ڈرائیور کی ضرورت ہے۔ ریٹائرڈ حضرات کو ترجیح دی جائیگی۔ (مصور علی زنجانی)

ضرورت ہے


برانچ آفس کراچی میں آفس میں کام کرنے کیلئے چپڑاسی (آفس بوائے) کی ضرورت ہے۔ خواہاں اپنی درخواست کے ساتھ یکم تا 4 اپریل رجوع کریں۔
رابطہ: عبدالحمید کاشانہ زنجانی آرام باغ روڈ۔ کراچی

ضرورت اعزازی نامہ نگار

اندرون ملک روحانی خبروں کی ترسیل میں دلچسپی رکھنے والے خواہشمند مرد/خواتین اپنے تعلیمی کوائف کے ساتھ رابطہ کریں۔ (مصور علی زنجانی)

ضرورت پروف ریڈر

لاہور آفس میں اعزازی طور پر پروف ریڈنگ کے کام کیلئے مرد/خواتین کی ضرورت ہے جو آفس ٹائم میں پروف ریڈنگ کے فرائض انجام دے سکیں۔ (مصور علی زنجانی)



انسان اپنے مقصد کو حاصل کرنے کیلئے ہر جائز ذریعہ استعمال کرتا ہے۔ جب دنیاوی کوششیں ناکام ہو جاتی ہیں تو اللہ تعالیٰ کے حضور سر کو جھکاتا ہے۔ مگر یہ سر جھکانا بھی بعض اوقات منزل مقصود سے دور رکھتا ہے۔ ہر کام کا وقت مقرر ہے۔ نماز پڑھنے کے اوقات مقرر ہیں۔ قرآن پاک کی تلاوت کیلئے بھی بہتر اوقات کی نشاندہی کر دی گئی ہے اسی طرح احادیث مبارکہ میں دعا قبول ہونے کے اوقات بارے بھی آقائے رحمت اللعالمین ﷺ کے ارشادات پاک ہیں۔ ان سب تعلیمات کے باوجود انسان کو ایک ایسے رہبر کی ضرورت ہوتی ہے جو اسے اللہ اور اس کے پیارے رسول پاک کے احکامات پر عمل پیرا ہونے صحیح راستہ بتاتا ہے اور اللہ کے حضور اپنے مدعا کو بیان کرنے کی ترغیب اور قبولیت حاصل کرنے کا وسیلہ بتاتا ہے۔ نبی کریم ﷺ کی آل کے وسیلہ سے جو دعا مانگی جائے قبول ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ہر اسم' اسم اعظم ہے اور ہر ایک کی تاثیر ہے اور جائز مقاصد کے حصول میں کامیابی میں ان کا ورد ہمیشہ کامیابی دلاتا ہے۔ اسی طرح اوقات میں بھی تاثیر اتم درجہ موجود ہے۔ انہی اوقات میں ایک وقت شرف شمس کا ہے جو سال کے بعد حاصل ہوتا ہے۔ سورج یعنی آفتاب جب اپنا سفر طے کرتا ہوا برج حمل کے 19 درجہ پر پہنچتا ہے تو اسے شرف کی قوت حاصل ہوتی ہے۔ آفتاب تمام سیارگان میں شہنشاہ کا درجہ رکھتا ہے۔ سب سے زیادہ نورانی اور طاقت ور اثر زمین پر ڈالتا ہے۔ اسی سے زندگی اور روح کو توانائی حاصل ہوتی ہے۔ اس طاقت ور وقت میں عاملین اور ماہرین جفر پر تاثیر عملیات جو تسخیر خلائق جاہ و مرتبت اور شان و شوکت کیلئے تیار کرتے ہیں۔ شرف شمس کی لوح کے فوائد بے شمار ہیں۔ اکثر سیاسی لیڈر افسران وکلاء ڈاکٹر یا وہ افراد جو میدان سیاست ہو یا کوئی اور فیلڈ جس میں عزت مرتبہ اولوالعزمی چاہتے ہوں یا یہ آرزو ہو یا کوئی مسخر و متاثر ہو تو ایسے لوگوں کیلئے لوح شمس ایک نعمت عظیم ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ عہدہ میں ترقی ہوگی۔ حصول ملازمت میں کامیابی یا افسران کی توجہ حاصل ہوگی جائز حق حاصل ہوگا۔ اگر کوئی شخص معاشرہ میں حقیر اور کم تر سمجھا جاتا ہے۔ نہ دوستوں میں عزت وقار ہو' نہ خاندان میں مکرم ہو تو اسے رب عزت دیں گے۔ حکومت وقت میں شامل افراد اس لوح کے ہوتے ہوئے اعلیٰ مقام حاصل کر سکتے ہیں خاص کر وہ جو وزارتوں کے پیچھے بھاگتے ہیں۔ تمام لوگ اس کے مطیع ہونگے اور نہ اس کے ساتھ متکبرانہ انداز یا سختی سے پیش آنے کی جرأت کر سکیں گے۔ اکثر لوگ جو حاسدانہ رویوں اور مخالفانہ خیالات کی بنا پر ناکردہ گناہوں میں شامل کر دیئے جاتے ہیں یا ناجائز مقدمات کا سامنا ہو ایسے لوگوں کو ضرور اس لوح کو حاصل کرنا چاہئے۔ شمس کیونکہ تمام کواکب میں شہنشاہ کا درجہ رکھتا ہے اور تمام کواکب اس کے گرد گردش کرتے ہیں۔ چنانچہ جس شخص کے پاس یہ لوح ہوگی اسے اسی قسم کی روحانیت حسب مراتب ملے گی۔

اس سال شرف شمس کا یہ وقت 7 اپریل 2005 بروز جمعرات بوقت 22 بجکر 56 منٹ رات تا 8 اپریل 2005 بروز جمعہ رات 23:20 منٹ تک رہے گا۔ اس دوران ہمیں چار ساعتیں ملیں گی۔ 2 ساعتیں جمعرات کی رات کو ملیں گی۔ پہلی ساعت جب شرف شمس کا وقت شروع ہوگا یہ شمس کی ہوگی یہ 22 بجکر 23 منٹ پر شروع ہوگی اور 23 بجکر 18 منٹ تک رہے گی۔ شرف کا وقت 22 بجکر 56 منٹ پر شروع ہوگا۔ اس طرح اس ساعت میں صرف 22 منٹ کام کے ملیں گے۔ دوسری ساعت شمس کی صبح 4 بجکر 56 منٹ پر شروع ہوگی اور صبح 5 بجکر 52 منٹ تک رہے گی۔ تیسری ساعت بروز جمعہ کو دوپہر 12 بجکر 16 منٹ تا 13 بجکر 18 منٹ تک اور چوتھی یعنی آخری ساعت شمس رات 19 بجکر 35 منٹ تا 20 بجکر 31 منٹ تک رہے گی۔ چاروں ساعتیں سعد اتصال ہیں۔ آسانی سے کام مکمل کیا جا سکتا ہے۔ سامان پہلے تیار رکھیں وقت مقررہ پر الگ کمرہ میں صاف پاکیزہ سرخ کپڑا اچھا کر او پر بیٹھیں۔ زعفرانی صندل سرخ اور عود کا بخور جلائیں اپنے کپڑوں پر عطر گلاب لگائیں جب ساعت شروع ہو تو لوح کندہ کرلیں۔ کاغذ ہو تو اس پر زعفران سے لکھ لیں۔ صاحب حیثیت لوگ سونے کی بنائیں۔ شمس کی دھات سونا آج کل بہت مہنگا ہے۔

چاندی پر بھی بنایا جاسکتا ہے۔ چاندی کی لوح پر سونے کا پانی چڑھا لیں۔ لیکن سونے پر اثرات بہت تیز ہوتے ہیں۔ سونے کا وزن **11** ماشہ **2** رتی ہوگا۔ اب عمل تفصیل سے لکھ رہا ہوں۔

پہلے سات نام انبیاء اکرام لیں، اس کے بعد چھ نام بادشاہوں کے لیں اور ساتواں اپنا نام معہ والدہ شامل کریں اس کے بعد سات ستاروں کے نام لکھیں یہ جملہ **21** نام ہونگے۔ **(1)** پہلے سات نام انبیاء کرام حضرت آدم علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت یوسف علیہ السلام، حضرت داؤد علیہ السلام، حضرت سلیمان علیہ السلام، حضرت عیسیٰ علیہ السلام، حضرت محمد الرسول اللہ ﷺ **(2)** سات نام بادشاہوں کے کسریٰ۔ نوشیروان۔ ذوالقرنین۔ فریدون۔ جمشید۔ تیمور۔ سرفراز احمد زاہد **(3)** سات ستاروں کے نام زحل۔ شمس۔ قمر۔ مریخ۔ عطارد۔ مشتری۔ زہرہ اب ان اکیس ناموں کو ایک سطر میں لکھ کر تکسیر جفری کریں یہاں تک کہ زمام نکل آئے۔ سب نام ترتیب سے لکھنے ہیں جیسے: ادم اب راہ ی م ی وس ف داؤ دس ل ی م ان ع ی س ی ام ح م د ک س ریٰ ن وش ی روان ذ وال ق رن ی ن ف ری دو ن ج م ش ی د ت ی م ور س رف راز اح م دزاہ دز ح ل ش م س ق م ر م ری خ ع طا ر د م ش ت ری ز ھ ر ہ = کل حروف **(111)** ان سے آتشی حروف الگ کیے اور نورانی حروف الگ کیے۔

آتشی حروف یہ ہیں: ام اا ھ م ف ام ام ش اذ اف م ش م ف اا م اھ ش م م م طا م ش ھ ھ = ۳۶ حروف

حروف نورانی: ام اراھ ی م ی س اس ل ی م ان ع ی س ی م ح م ک س ری ن ی ران وال ق رن ی ن ری ن م ی ی م رس رف رااح م اھ ح ل م س ق م رم ری ع طا رم ری ھ رھ = ۷۹ حروف

اب حروف آتشی اور نورانی کو آپس میں امتزاج دے لو اور الگ لکھ لو۔
اب تمام اسماء کے اعداد حاصل کریں سات انبیاء کے اعداد

آدم	ابراہیم	یوسف	داؤد	سلیمان	عیسیٰ	محمد	مجموعہ
۴۵ +	۲۵۹ +	۱۵۶ +	۱۵ +	۱۹۱ +	۱۵۰ +	۹۲	= ۹۰۸

اعداد شاہان معہ اسم خود

کسریٰ	نوشیروان	ذوالقرنین	فریدون	جمشید	تیمور	سرفراز احمد زاہد	مجموعہ
۲۹۰ +	۶۲۳ +	۱۱۴۷ +	۳۵۰ +	۳۵۷ +	۶۵۶ +	۱۱۳۴	= ۴۵۵۷

اعداد سیارگان

زحل	شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	مجموعہ
۴۵ +	۴۰۰ +	۳۴۰ +	۸۵۰ +	۲۸۴ +	۹۵۰ +	۲۱۷	= ۳۰۸۶

ان تینوں میزانوں میں سورۃ والشمس کے اعداد اور آیت شریف قل اللھم مالک الملک توتی الملک من تشاء بغیر حساب o کے اعداد بھی شامل کریں۔ یہ تین میزانیں ہونگی نمبر **(1)** اکیس ناموں کی **(2)** سورۃ والشمس **(3)** آیت پاک کے اعداد۔ ان تینوں میزانوں کو جمع کریں کل اعداد میں سے **60** تفریق کر کے پانچ پر تقسیم کر کے نقش مخمس پر کریں۔ اس کے علاوہ سورۃ والشمس کے اعداد ۱۶۸۳۴ ان کے حروف یہ بنے (دل ض وی غ) اب اپنے نام کے حروف کو الگ الگ لکھیں اور دونوں کو آپس میں امتزاج دیں۔ مثلاً

س ر ف ر ا ز ا ح م د ز ا ھ د
د ل ض و ی غ د ل ض و ی غ د ل

امتزاج: دس ل رض ف وری اغ زدال ح ض م ودی زغ ادھ ل د

اب طریقہ یہ ہے۔ وقت مقررہ پر سونے کی لوح لیں یا کاغذ جو سنہری ہو اور ایک طرف سے سفید ہو۔ لوح یا کاغذ کے ایک طرف تکسیر مکمل لکھیں دوسری طرف نقش مخمس درمیان میں تحریر کریں۔ نقش کے تین طرف یعنی دائیں بائیں اور پر حروف شمسی اور نورانی کی امتزاج شدہ سطر لکھیں۔ نیچے دوسری امتزاج نام اور سورۃ والشمس کے حروف سے مرکب حروف لکھیں۔ جفت ہوں تو چار چار طاق ہوں تو پانچ پانچ کے فقرات بنائیں۔ یہ لوح تیار ہوگئی۔ اب شرف آنے والے اتوار کے دن سورج طلوع ہونے سے قبل نماز فجر سے فارغ ہو کر غسل کر کے صاف کپڑے پہن کر سرخ رومال یا ٹوپی پہن کر خوشبو لگا کر چھت پر یا ایسی جگہ کھڑے ہو جائیں۔ آفتاب طلوع ہونے سے پندرہ منٹ قبل مشرق کی طرف منہ کر کے سورۃ والشمس پڑھنا شروع کر دیں حتیٰ کہ سورج پوراطلوع ہو جائے۔ اس دوران چاہے دو بار سورت پڑھی گئی ہو یا دس بار۔ تعداد مقرر نہیں۔ تلاوت بند کر دیں اور لوح کو دائیں ہاتھ میں لے کر سورج کے سامنے کریں اور کہو کہ ''اے نیر اعظم جس طرح تجھے خدا نے تمام دُنیا میں بلند کیا ہے۔ اسی طرح اس لوح مقدس کے طفیل مجھے دُنیا میں معزز محترم اور الوالعزم بنا'' یہ فقرہ کم از کم سات مرتبہ سکون سے دہراؤ۔ اس کے بعد لوح کو سرخ کپڑے میں لپیٹ کر بازو پر باندھ لیں۔ یہ عمل متواتر اکیس روز کریں اور حسب ہدایت دعا مانگ لیا کریں۔ انشاء اللہ چالیس روز تک اس کا نتیجہ اپنی جاگتی آنکھوں سے دیکھو گے۔ نفع عظیم پہنچے گا۔ اس لوح کو حفاظت سے سنبھال کر رکھیں۔ ساری زندگی انسان اس کی بدولت مکرم و محترم بنا رہے گا۔ یہ ایک لاجواب تحفہ ہے۔

(1) اسماء انبیاء اکرام کے اعداد = ۹۰۸
(2) شاہان معہ اسم طالب کے اعداد = ۴۵۵۷
(3) ہفت سیارگان کے اعداد = ۳۰۸۶
(4) سورۃ الشمس کے اعداد = ۱۶۸۳۴
(5) آیت مبارکہ کے اعداد = ۱۹۴۹۹
میزان = ۴۴۸۸۴

۴۴۸۸۴_۶۰=۴۴۸۲۴÷۵ باقی ۴ بچے۔ جواب ۸۹۶۴

چال نقش

۱۸	۲۲	۱	۱۰	۱۴
۲۴	۳	۷	۱۱	۲۰
۵	۹	۱۳	۱۷	۲۱
۶	۱۵	۱۹	۲۳	۲
۱۲	۱۶	۲۵	۴	۸

لوح یہ ہے:

۷۸۶

جبرائیل

۸۹۸۲	۸۹۸۶	۸۹۶۴	۸۹۷۴	۸۹۷۸
۸۹۸۸	۸۹۶۶	۸۹۷۱	۸۹۷۵	۸۹۸۴
۸۹۶۸	۸۹۷۳	۸۹۷۷	۸۹۸۱	۸۹۸۵
۸۹۷۰	۸۹۷۹	۸۹۸۳	۸۹۸۷	۸۹۶۵
۸۹۷۶	۸۹۸۰	۸۹۸۹	۸۹۶۷	۸۹۷۲


اسرافیل — عزرائیل — میکائیل — کہیعص — حمعسق

وکفیٰ باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

لوح شرف شمس

☆......از تحریر: عامل سید شعیب الرحمٰن شاہ۔ ایبٹ آباد

شمس چلتے چلتے جب برج حمل کے 19 درجہ پر پہنچتا ہے تو اسے شرف حاصل ہوتا ہے۔ اس سال شرف شمس 7 اپریل رات 11 بجکر 57 منٹ پر شروع ہوگا۔ اس وقت لوح خصوصی دولت کیساتھ حاضر خدمت ہوں۔ لوح ترقی دولت' پرائز بانڈز کے کئی نمبرز میں کامیابی بلکہ ہر کام میں غیبی کامیابی کیلئے پرتاثیر ہے۔ میں نے اوج مشتری کے دوران طلسم خصوصی دولت کا ایک عمل آئینہ قسمت کی نذر کیا تھا جسے بہت سے لوگوں نے پسند کیا اس مرتبہ ایک ایسے طلسم کیساتھ حاضر ہوں جس کی تاثیر مکمل 41 دن میں ظاہر ہوتی ہے۔ ان بہن بھائیوں کو دعوت ہے جو دولت کے لئے ترس چکے ہوں' کاروبار تباہ و برباد ہو چکا ہو۔ یہ لوح طلسم خصوصی دولت جبکہ اس کا دوسرا نام لوح تقدیر دولت ہے۔ یہ لوح 50 روپے کے نوٹ پر یا گولڈن کاغذ پر تیار ہوگی۔ اگر یہ لوح خود تیار نہ کر سکیں تو مجھ سے یا براہ راست سید انتظار حسین شاہ زنجانی صاحب سے تیار کروائیں اور اپنے پاس رکھیں۔ خداوند کریم کے فضل و کرام سے دست غیب سے اسباب پیدا ہونگے۔ اللہ تعالیٰ چند ہی دنوں میں غنی فرما دیگا۔ یہ لوح میری طرف سے ایک تحفہ ہے۔ آخر میں میرے والد بزرگ کیلئے اور شاہ زنجانی صاحب کے والد صاحب کیلئے ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۃ اخلاص کا ثواب ان دونوں بزرگوں کو بخشیں۔



بقیہ: عالمی سیاسی حالات

عملی اپنا کر اپنی فوجوں میں کمی کی کوششوں کو بڑھائے گی اور متبادل اتحادی افواج کی تعداد میں اضافہ کر کے خودکش حملوں سے جانی مالی نقصان کا اس ماہ کچھ زیادہ ہی اندیشہ نظر آتا ہے۔ اندرون ملک عوام الناس کی حالت کو بہتر بنانے کی خصوصاً بیروزگاری کے خاتمہ کے لئے کوشش تیز کی جائیگی۔ امیگریشن قوانین میں ایک بار پھر سختی کی جائیگی۔ کسی بڑی ممکنہ تخریب کاری کو پکڑا جائے گا۔ کینیڈا میں کاروباری' معاشی سرگرمیاں بڑھنے سے سٹاک مارکیٹوں میں تیزی رہے گی۔ امیگریشن قوانین میں قدرے نرمی سے قابل افرادی قوت بڑھے۔ سرمایہ دار افراد کی آمد بھی بڑھے' صحت عامہ' تعلیم کے شعبوں میں خصوصی توجہ دی جائیگی۔



ابجد نجوم

بونس قسط سبق نمبر 26


زمانہ شرف شمس 2005 میں

منجم زنجانی برادرز سے علم نجوم سیکھیں


ستارہ شمس قدیم اور جدید نجوم کی روشنی میں اور اُن کے تحت مجرب عملیات

تحقیق: فضل محمود نقاش:...... علماء اسلام محراب مسجد میں جائے خطبہ پر بیٹھ کر فرماتے ہیں کہ سورج چوتھے آسمان پر چمک رہا ہے اور قیامت کے نزدیک قریباً سوانیزے کے برابر یعنی فاصلے پر آ جائے گا اور سورج اس وقت ہماری طرف پشت کئے کھڑا ہے۔ اس لئے گرمی کم ہے۔ اگر منہ کر لے تو دُنیا جہان گرمی سے جل جائیں۔ اس لئے قیامت کے روز منہ ہماری طرف کر لے گا۔ زمین جل کر تانبے کی طرح سرخ ہو جائے گی۔ کیا کبھی ایسا وعظ کبھی ماہر فلکیات و نجوم مولوی صاحب سے سنا ہے؟ یا پھر کبھی اسی مولوی صاحب سے یا کسی اور مولوی صاحب سے کہ علم نجوم جاننے والا نجومی کافر ہے؟

سورج کو چوتھے آسمان کا مالک سمجھانے والا مولوی دراصل قدیم یونانیوں کے علم کی بات کر رہا ہوتا ہے۔ جو کہتے تھے کہ تمام کائنات کا مرکز زمین ہے۔ باقی سیارے اس کے گرد گردش کر رہے ہیں۔ ان میں سے سب سے پہلا آدمی جو زنجانی جنتری کی مونوگرام آیت (**تبارک الذی جعل فی السماء بروجاً و جعل فیھا سراجاً و قمراً منیراً**) کے مطابق نظام کائنات کی بات کی وہ انکساغورث تھا (۴۹۹۔۴۳۸ ق۔م) اس کے بعد افلاطون (۴۲۸۔۳۴۸ ق۔م) پھر اس کا شاگرد ارسطو (۳۸۴۔۳۲۲ ق۔م) نے لوگوں کو کہا کہ زمین مرکز ہے اور باقی سیارات اس کے گرد گھوم رہے ہیں۔ اسی نظریہ کو بطلیموس اسکندریہ مصری نے بھی درست مان کر اپنی کتاب المجسطی مرتب کی۔ اسی بات کو ہمارا مولوی صاحب دہرا رہا ہے۔ حالانکہ اسے خبر نہ ہے کہ آسمان کیا ہے؟ ستارے کیا ہیں؟ سیارے کیا ہیں؟ اس نظام کے چلنے کا اصول کیا ہے؟ بس اتنا پتہ ہے کہ شیعہ سنی کافر ہیں۔ یا تو بدعتی ہے اور تو گستاخ ہے۔ اگر ذرا غور کیا جائے تو وہ آدمی بھی گستاخ ٹھہرتا ہے جو ان کی تعلیمات کے خلاف نئے نظام شمسی کی بات کرتا ہے اور جو بالکل نئی بات کرتا ہے یقیناً بدعتی ہے۔ بے شک خواجہ غلام فرید ؒ کوٹ مٹھن والے نے سچ فرمایا ہے کہ 'ملاں تہیں کئی کار دے شیوہ نہ جانے یار دے' ان مولوی حضرات کو اختلافی مسائل چھوڑ کر جدید علوم کی طرف آنا چاہیے ورنہ جارج واکر بش جیسے آدمی ہلاک کرتے رہیں گے۔ یونانی اور بطلیموس کے نظام کے مطابق زمین مرکز ہے اس کے گرد قمر، عطارد، زہرہ، شمس، مریخ، مشتری اور زحل گھوم رہے ہیں۔ یونانیوں کے نزدیک زحل آخری سیارہ تھا۔ البتہ ان سیارگان کی جسامت اور فاصلہ کا تعین نہ کر سکتے تھے۔ جبکہ ان سیارگان کی ترتیب ان کی مداری حرکت کے مطابق نقطہ مبتداء پر قائم کی تھی۔ ابرخس نے بروج کے محل وقوع بتائے۔




نظریہ نظام بطلیموس کے خلاف ثالیس ملطی (۶۲۴ـ۵۴۵ ق ـ م) سورج کو لاکھوں میل چوڑا سمجھتا تھا۔اس نے خسوف اور کسوف کی اصل وجہ بتائی۔اناکسی مینڈر (۶۱۰ـ۵۴۸ ق ـ م) دائرۃ البروج' اعتدال ربیع خریف کی وضاحت کی اور زمین پر سورج کی روشنی کی کمی و بیشی کی وضاحت کی۔اس طرح خسوف وکسوف کے زیادہ اور کم ہونے کے اسباب بتائے اور فیثا غورث (۵۸۲ـ۵۰۰ ق ـ م) پہلا آدمی ہے جس نے زمین کو گول کہا اور سورج کے گرد گردش کرتی کہا تھا۔ارسطارخوس بھی تقریباً فیثا غورث کا ہم خیال تھا۔اراتوستھیز (۲۷۳ـ۱۹۲ ق ـ م) نے زمین کا قطر ۷۸۵۰ میل نکالا تھا۔مسلمانوں میں فلکیات ونجوم بھی پسندیدہ علوم رہے ہیں۔عبدالرحمٰن صوفی (۹۰۳ـ۹۸۶) نے شعریٰ یمانی کی حرکت ثابت کی۔ابن یونس نے دائرۃ البروج کا انحراف (۲۳ درجہ ۳۵ دقیقہ) بتایا اور اسی طرح اوج شمس کا فلکی طول اور استقبال اعتدالین کی قیمت بتائی۔احمد بجستانی (۹۵۱ءـ۱۰۲۴ء) جس نے قدیم یونانیوں کا نظریہ اور بطلیموس کا نظریہ نظام ارضی ختم کرنے کا اعلان کیا۔ابوریحان البیرونی' ابواسحاق الزرقالی' عمر خیام' محقق طوسی فلکیات ونجوم کے بڑے ماہر گزرے ہیں۔موجودہ زمانے میں فلکیات پر نکولس کوپرنیکس' ٹاکوبراہے۔کپلر اور گلیلیو کے اثرات زیادہ ہیں۔اب جدید نظام ارضی کو نظام شمسی سے موسوم کیا گیا ہے۔اس جدید نظریہ کا بانی نکولس کوپرنیکس کو کہا جاتا ہے۔کوپرنیکس کے وقت بھی سیارگان کی تعداد زحل تک تھی۔فرق صرف یہ تھا کہ زمین کی جگہ سورج کو رکھ دیا گیا ہے۔باقی نظام قدیم نظام کی طرح ہے۔زحل کے بعد والے سیارگان (یورانس' نیپچون' پلوٹو اور چیرون) کو بعد میں دریافت کیا گیا ہے۔۱۳ مارچ ۱۷۸۱ء کو ماہر فلکیات ولیم ہرشل نے یورانس کو اس وقت دریافت کیا جب وہ مجمع النجوم ثور اور جوزا کو دیکھ رہا تھا۔نیپچون کو ماہر فلکیات وریئر کی پیشگوئی کے مطابق ۲۳ ستمبر ۱۸۴۶ء کو جوہان گیلی نے دریافت کیا۔پلوٹو کو ۱۳ مارچ ۱۹۳۰ء کو ماہر فلکیات کلائیڈ ٹومباہ کی پیشگوئی کے مطابق ماہر فلکیات پرسیول یوول نے دریافت کیا۔اس لئے اس سیارہ کی علامت [(PL) یا P] لکھی جاتی ہے۔کیا نیا سیارہ ۴' ۱۳' ۲۳ کی تاریخوں میں دریافت ہوگا؟




کوپرنیکس کو جدید نظام کا بانی اس لئے کہا جاتا ہے کہ اس نے زمین کو سورج کے گرد اور زمین کو اپنے گرد (دوری گردش' محوری گردش) گھومنے کا علی الاعلان کہا ہے۔جبکہ فیثا غورث جو حضرت دانیال علیہ السلام کے زمانہ کا تھا۔یہ بات علی الاعلان نہ کہہ سکتا تھا۔بہت سے مسلمان یہ بھی کہتے ہیں کہ نجوم' رمل اور جفر میں بھی کمال رکھتے تھے۔نہ جانے یہ بات درست ہے یا قیاس پر مبنی ہے۔جدید فلکیات ونجوم کے مطابق سورج اور زمین کے درمیان فاصلہ ۹۲۹۰۰۰۰۰ میل یا $۱۴۹ء۶\times۱۰^{۶}$ کلومیٹر ہے۔سورج کا قطر $۱ء۳۹۲\times۱۰^{۶}$ کلومیٹر ہے۔کمیت $۱ء۹۸۹\times۱۰^{۳۰}$ کلوگرام ہے۔اس طرح کثافت اوسط ۱ء۴۰۹ گرام سینٹی میٹر$^{-۳}$ ہے اور حجم $۱ء۴۱۲\times۱۰^{۱۸}$ کلومیٹر مکعب ہے۔سورج کی محوری گردش خط استواء پر ۲۴ دن ۶ گھنٹے' قطبین پر تقریباً ۳۵ دن پیمائش کی گئی ہے۔اوسط گردشی ولاسٹی ۶۱۸ کلومیٹر سیکنڈ$^{-۱}$ اور فراری ولاسٹی بھی یکساں ہے۔سورج کی سطح کا تجاذب ۲۷۳۹۸ سینٹی میٹر سیکنڈ$^{-۲}$ مقرر کیا گیا ہے۔سورج کا نور $۳ء۸۶\times۱۰^{۲۶}$ واٹ ناپی گئی ہے۔کہا جاتا ہے کہ سورج سطح پر ۶۰۰۰ کیلون اور قلب میں ۱۴×۱۰^{۶} کیلون گرم ہے۔اس طرح سورج کی عمر $۴ء۵\times۱۰^{۹}$ سال مقرر کی گئی ہے۔یہ اعداد وشمار قدیم نجوم میں نہ تھے۔

سورج اور زمین کے درمیان تعلق فلکی بیضوی مدار کی شکل میں ہے۔اس طرح کبھی زمین سورج سے کافی دور چلی جاتی ہے اور کبھی نزدیک آجاتی ہے۔زمین کا قطب شمالی سورج کی طرف جھکا ہوا ہے۔اس طرح کبھی سورج قطب شمالی کو نظر آتا ہے اور کبھی قطب جنوبی کی طرف نظر آتا ہے۔



زمین کے مدار کو بارہ برابر حصوں میں تقسیم کر کے بروج یا مہینوں کا نام دیا گیا ہے۔ زمین اوسطاً فی برج ۳۰ دن ۱۰ گھنٹے ۲۹ منٹ ۰۴ سیکنڈ میں طے کرتی ہے۔ لیکن علماء تقویم ابرخس کا قاعدہ استعمال کرتے ہوئے ۱۸۶ دن شمالی بروج (حمل، ثور، جوزا، سرطان، اسد اور سنبلہ) کو دیتے ہیں۔ باقی ۱۸۰ دن جنوبی بروج (میزان، عقرب، قوس، جدی، دلو اور حوت) کو دیتے ہیں۔ عمر خیام نے ملک شاہ سلجوقی کے لئے تقویم اسی قاعدہ پر بنائی۔ قدیم علماء نجوم کے مطابق سورج زمین کے گرد گردش کرتا تھا۔ اس طرح وہ بارہ بروج کو طے کرتا ہوا برج حمل کے پہلے دقیقہ درجہ پر پہنچ جاتا ہے۔ جس کی مدت ۳۶۵ دن ۵ گھنٹے ۴۸ منٹ ۴۶ سیکنڈ لگتی تھی۔ سورج کے ہر برج میں داخلہ کو تحویل شمس در برج کہا جاتا تھا۔ زمین سے جس برج میں شمس نظر آتا اسے دیکھ کر طالع شمسی بنایا جاتا اور جس برج میں قمر نظر آتا اس سے طالع قمری بنایا جاتا۔ جو حصہ زمین کا دن رات میں سورج کے سامنے سے آ کر گزر جاتا اسی طالع شمسی سے باقی بروج کا وقت مسلسل گن کر شمار کیا جاتا رہا ہے۔ اس شمار کو مشرق سے شروع کرتے ہیں جسے طالع وقتی کہتے ہیں۔ اگر جدید علماء فلکیات



کے مطابق نجوم کو ترتیب دیا جائے تو طالع شمسی کو طالع ارضی کہیں گے۔ باقی طالع قمری اور طالع وقتی وہی رہیں گے۔ اگر یہی اصطلاحات قدیم کے مطابق بھی رہنے دیں تو کوئی حرج نہ ہے۔ صرف مدار پر شمس کی بجائے ارض کا تصور رکھے ہوئے شرح کریں گے۔

چنانچہ قدیم نجوم کے مطابق برج سرطان کا حاکم قمر اور برج اسد کا شمس ہے۔ قمر اور شمس قدیم نجوم کے مطابق زمین کے گرد گردش کرتے تھے۔ اس لئے ان دونوں بروج کو الگ الگ قمر اور شمس الاٹ کر دیئے گئے۔ حالانکہ برج سرطان اور برج اسد کی حاکم زمین (ارض) تھی۔ اب ان چھ سیارگان کی حکومت دو۔ دو بروج پر ہو گئی۔ جب سیارگان کا تعلق ایام سے اور ادوار سے جوڑا گیا تو پھر قمر و شمس کو الگ شمار کیا گیا (ویسے بھی شمس چوتھے فلک کا سیارہ بنایا گیا تھا) اور راس و ذنب کو بھی شمار کیا گیا۔ اگر دمدار سیارے مسلسل آتے رہتے تو وہ بھی شمار میں آ جاتے۔ چونکہ دمدار سیاروں کا واپسی حال سیارہ زحل کے بعد آتا تھا۔ اس لئے متروک ہو گئے۔ پھر بھی مابعد زحل ہر سیارہ و ہر چیز نحس گنی گئی۔ دمدار سیاروں کو بھی تباہی، بربادی، اموات اور جنگوں اور بادشاہوں کے قتل میں جوڑا گیا۔ زمین پر قمر اور شمس کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ ایام کا شمار شمس و قمر سے کیا گیا تھا۔

شمار	1	2	3	4	5	6	7
کواکب	قمر	عطارد	زہرہ	شمس	مریخ	مشتری	زحل
ترتیب	2	4	6	1	3	5	7
ایام	پیر	بدھ	جمعہ	اتوار	منگل	جمعرات	ہفتہ

نقشہ ساعات قدیم نظام بطلیموس کے مطابق مرتب کیا گیا تھا۔ قدیم نجوم کے مطابق قمر' عطارد' زہرہ' تحت الشمس سیارگان ہیں اور مریخ' مشتری اور زحل فوق الشمس سیارگان ہیں جو کہ جدید نجوم میں یہ ترتیب بالکل بدل گئی ہے۔ بلکہ ان سیارگان کو تحت الارض یا فوق الارض کہا جائے گا یا یسار الارض اور ایمن الارض کہا جائے گا۔ باقی سیارگان مابعد زحل سے یورانس' نیپچون اور پلوٹو کی وجہ سے تحتی وفوقی کی اصطلاح بالکل ناموزوں لگتی ہے۔ البتہ گروپ بندی کی جائے۔ شمس سے پہلا گروپ عطارد' زہرہ اور زمین کا ہے۔ دوسرا گروپ مریخ مشتری اور زحل کا ہے۔ تیسرا گروپ چیرون' یورانس' نیپچون اور پلوٹو کا ہے۔ جدید سیارگان کی دریافت کی توقع ہے۔ ممکن ہے بارہ بروج کے لئے بارہ سیارے قدرت نے پیدا کئے ہوں اور ان کے مدار کافی لمبے ہونے کی وجہ سے ابھی تک دور ہوں یا سست رفتار ہوں۔

خاندان شمس (ارض) کی آپس میں دوستی دشمنی کا چارٹ اور جو پہلے پیدا ہو چکے تھے اور جو بعد میں پیدا (دریافت) ہوئے تھے۔

شمس (ارض) کے دوست سیارے	شمس (ارض) کے دشمن سیارے	شمس (ارض) کے مساوی سیارے
قمر مریخ مشتری	راس ذنب زہرہ زحل	عطارد
پلوٹو نیپچون	چیرون	یورانس

دائرۃ البروج میں شمس (ارض) کی سیر کے دوران بروج میں حالت (سعادت یانحوست)

بروج	۱ حمل	۲ ثور	۳ جوزا	۴ سرطان	۵ اسد	۶ سنبلہ	۷ میزان	۸ عقرب	۹ قوس	۱۰ جدی	۱۱ دلو	۱۲ حوت
حالت	شرف	خانہ دشمن	طرح	اوج	حاکم	خانہ مساوی	ہبوط	خانہ دوست	فرح	حضیض	وبال	خانہ دوست

دائرۃ البروج کے بعد زائچہ کے دوازدہم خانہ جات میں شمس (ارض) کی حالت

خانہ	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12
کیفیت	آپ سے خوشی	مال حاکم	بلند خیال	خوش بختی	خوش خبری دے	بدخبری	شریک سے خوشی	مال زیادہ	خوش خبری دے	بلند مرتبہ	دشمن دوست	بدبختی

شمس (ارض) زائچہ کے دسویں خانہ میں زیادہ طاقت ور ہوتا ہے۔ ارض (شمس وقمر) راس الجدی (جدی' دلو' حوت' حمل' ثور' جوزا) میں قوت کے ساتھ ہوتا ہے۔ شمس (زمین کا روشن حصہ) دن کو باقوت ہوتا ہے۔ جو حضرات سورج کو سعد سمجھتے ہیں۔ ان کے نزدیک زمانہ قمر زائد

النور کے وقت باقوت ہوتا ہے۔ اور جو حضرات سورج کو نحس سمجھتے ہیں وہ قمر ناقص النور کے وقت باقوت سمجھتے ہیں۔ (شمس جاہ وجلال کی علامت ہے اور زمین انکساری کی علامت ہے)۔

طالع	۱ حمل	۲ ثور	۳ جوزا	۴ سرطان	۵ اسد	۶ سنبلہ	۷ میزان	۸ عقرب	۹ قوس	۱۰ جدی	۱۱ دلو	۱۲ حوت
حالت	سعد	سعد	نحس	سعد	نحس	سعد	نحس	سعد	سعد	نحس	سعد	نحس

شمس (ارض) آتشی بروج میں سے حمل میں شرف' اسد میں حکومت قوس میں خوشی ہے۔ خاکی بروج ثور رخانہ دشمن' سنبلہ مساوی اور جدی میں حضیض ہے۔ بادی بروج میں سے جوزا طرح' میزان میں ہبوط دلو میں وبال ہے۔ آبی بروج میں سے سرطان میں اوج' عقرب اور حوت دوستوں کے گھر ہیں۔ بلحاظ طالع سرطان اسد اور سنبلہ کے احکامات میں ترمیم ہوسکتی ہے۔ سنبلہ میں شرف کا درجہ از نو بہرہ ہے۔

قدیم نجوم کے مطابق شمس اور جدید نجوم کے مطابق ارض جب دائرۃ البروج کا چکر کاٹ کر برج حمل کے پہلے درجہ دقیقہ پر آتے ہیں تو دن رات برابر ہو جاتے ہیں۔ اسے یونانیوں اور ایرانیوں نے نوروز (نیادن) سال کا قرار دیا تھا۔ (آپ اسے اخبار نہ سمجھیں ویسے یہ آپ کے لئے خبر ہے) یہ نوروز صرف نصف کرہ شمالی کے لئے ہے۔ نصف کرہ جنوبی کے لئے نوروز یکم درجہ میزان ہے۔ یکم درجہ سرطان عین عروج سرما ہے اور یکم درجہ حمل خریف/خزاں اور یکم درجہ جدی خاص گرما ہے یعنی جب نیوزی لینڈ' تسمانیہ' آسٹریلیا' ماریشس' مالاگاسی' جنوبی افریقہ اور جنوبی امریکہ میں سخت سردی یا سخت گرمی ہوتی ہے تو ہمارے علاقوں (خط سرطان کے علاقوں) پر سخت گرمی یا سخت سردی ہوتی ہے۔ یعنی وہاں سردی تو یہاں گرمی ہوتی ہے۔ اس لئے ہر علاقے کا نوروز کا فرق ہے۔ پاکستان کا انتہائی شمال اور یونان کا عرض بلد تقریباً ایک ہی ہے۔ علماء نجوم نے شرف کا درجہ بھی شمس یا ارض کے لئے برج حمل کا **19** درجہ مقرر کیا ہے۔ اگر اسے نو بہرہ سے دیکھا جائے تو یہ درجہ برج سنبلہ میں آتا ہے۔ جس کا حاکم عطارد سے تعلق مساوی ہے۔ جبکہ مریخ کے بروج (حمل' عقرب) یا مشتری کے بروج (قوس و حوت) اچھے تھے۔ چونکہ شمس گرم ہے۔ اس لئے حمل و قوس اچھے تھے۔ ارض کے لئے عقرب و حوت۔ یا شمس کے لئے سرطان و اسد کے نو بہرے کے درجات اچھے تھے۔ یعنی ۱۰ درجہ ۱ دقیقہ تا ۱۳ درجہ ۲۰ دقیقہ (سرطان کے لئے) ۱۶ درجہ ۲۰ دقیقہ تک (اسد کے لئے) یا مشتری کا آتشی برج اور سعادت مشتری کی وجہ سے قوس کا ۲۶ درجہ ۴۱ دقیقہ یا آخر برج قوس یعنی قوس کا ۲۷ درجہ زیادہ معتبر تھا اور اگر ۳۰ درجہ کے برج کو ۱۲ برابر حصوں میں تقسیم کیا جائے تو نوئی حصہ ۲ درجہ ۳۰ دقیقہ آتا ہے۔ اس بارہ بہرہ میں ۱۹ درجہ برج عقرب کے حصہ میں آتا ہے۔ جو برج حمل کے حاکم کا دوسرا گھر ہے۔ اگر شمس/ارض کو حمل سے میزان میں یا حمل سے عقرب میں دیکھا جائے تو حمل سے بارہواں گھر حوت اور عقرب سے میزان انتہائی نحس شمار ہونگے۔ اس طرح حوت دوست کا گھر بھی غیر محفوظ تصور ہوگا۔ جیسا کہ بعض دوست دھوکہ دیکر اپنے دوست کو دشمن سے نقصان پہنچوا دیتے ہیں۔

شرف شمس (ارض) کا زمانہ بمطابق زنجانی جنتری ۲۰۰۵ء بروز جمعرات کو ۷ اپریل سے بوقت ۲۲ بجکر ۵۶ منٹ پر شروع ہو کر ۱۸ اپریل کو ۲۳ بجکر ۲۰ منٹ پر ختم ہوگا۔ کل وقت ۲۴ گھنٹے ۲۴ منٹ ہے۔ ہر علاقہ کے لوگ اپنے علاقہ کے مقامی وقت کے مطابق اوقات طالع اور ساعت کی درستگی زنجانی جنتری ۲۰۰۵ کے صفحہ نمبر ۱۴۶ کی مدد سے کرلیں۔

وقت ابتداء طالع				وقت ابتداء ساعات					وقت ابتداء ساعات				
شمار	طالع	منٹ	گھنٹے	شمار	ساعت	منٹ	گھنٹے	حالت ساعت	شمار	ساعت	منٹ	گھنٹے	حالت ساعت
۱	قوس	۵۶	۲۲	۱	شمس	۵۶	۲۲	سعد اتصال	۱۴	مریخ	۰۴	۱۱	سعد
۲	جدی	۵۸	۲۳	۲	زہرہ	۰۹	۲۳	سعد	۱۵	شمس	۰۶	۱۲	سعد اتصال
۳	دلو	۵۸	۰۱	۳	عطارد	۰۶	۲۴	سعد اتصال	۱۶	زہرہ	۰۹	۱۳	سعد اتصال
۴	حوت	۳۴	۰۳	۴	قمر	۰۴	۰۱	سعد اتصال	۱۷	عطارد	۱۱	۱۴	سعد ممتزج
۵	حمل	۵۸	۰۴	۵	زحل	۰۲	۰۲	سعد انفصال	۱۸	قمر	۱۴	۱۵	نحس انفصال

۶	ثور	۲۶	۰۶	۶	مشتری	۵۹	۰۲	نحس انفصال	۱۹	زحل	۱۶	۱۶	نحس
۷	جوزا	۰۲	۰۸	۷	مریخ	۵۷	۰۳	نحس	۲۰	مشتری	۱۹	۱۷	سعد اتصال
۸	سرطان	۰۲	۱۰	۸	شمس	۵۴	۰۴	سعد اتصال	۱۲	مریخ	۲۱	۱۸	سعد اتصال
۹	اسد	۱۸	۱۲	۹	زہرہ	۵۲	۰۵	سعد اتصال	۲۲	شمس	۱۹	۱۹	سعد اتصال
۱۰	سنبلہ	۴۲	۱۴	۱۰	عطارد	۵۴	۰۶	ممتزج	۲۳	زہرہ	۱۶	۲۰	نحس
۱۱	میزان	۵۸	۱۶	۱۱	قمر	۵۷	۰۷	نحس	۲۴	عطارد	۱۴	۲۱	سعد
۱۲	عقرب	۱۰	۱۹	۱۲	زحل	۵۹	۰۸	سعد	۲۵	قمر	۱۱	۲۲	سعد اتصال
۱۳	قوس	۳۴	۲۱	۱۳	مشتری	۰۲	۱۰	سعد اتصال	۲۶	زحل	۰۹	۲۳	ممتزج

کبھی عمل کو شروع کرنے سے قبل آپ اپنی ذات کا تجزیہ کریں کہ آپ کی روح افزا ہے اور قوت ذِل مضبوط ہے اور ہوشیار (ہوش + یار) اور مستعد و سرگرم طبیعت کے مالک ہیں۔ دوسروں کے لئے بے غرض و بے لوث خدمت کرنے والے ہیں۔ مہربان اور معاف کر دینے والے ہیں۔ ہمت پیدا کرنے یا پیدا کرانے والے ہیں یا کسی کا حق دینے یا دلانے کا حوصلہ رکھتے ہیں تو آپ فلکیات و نجوم کے بعد حصہ عملیات میں قدم رکھیں ورنہ آپ اس حصہ سے پرہیز فرمائیں۔ اگر آپ خدانخواستہ جلد باز ہیں۔ جلد غصہ میں آکر مشتعل ہو جاتے ہیں۔ آنے والے سائل پر برس پڑتے ہیں یا خود غلط فہمی کا شکار ہو جاتے ہیں تو آپ اس حصہ کو مطلق ہاتھ نہ لگائیں۔ آپ کا علم آپ کے پاس رہے۔ آپ کی کتابیں آپ کے پاس رہیں۔ کوئی آپ کا علم اور کتابیں چرا نہیں سکتا۔ ویسے کتاب چرانے کی بجائے مانگ لینا اچھی بات ہے اور ہم تک جادو' جنات' جوتش و جفر کا علم باہر سے منگوائی یا آئی ہوئی کتب کے ترجموں کے ذریعے سے آیا ہے۔ مثال کے طور پر رومیوں کی پرانی کتابوں کے ترجمے بنوموسیٰ بن شاکر' اسحاق الکندی' ثابت بن قرہ' ابن الہیثم اور ابوریحان البیرونی وغیرہ اس کے علاوہ مشہور مصنفین جارج برنارڈ شاہ اور الیگزینڈر ڈوما اور مشہور ڈکٹیٹر مسولینی بھی ستارہ شمس سے تعلق رکھتا تھا۔ حضرت خواجہ گیسو دراز علیہ الرحمت بھی ستارہ شمس کے تابع تھے۔ ستارہ شمس کے تحت عملیات بڑے سخت اور جلالی ہوتے ہیں۔ اس لئے سوچ سمجھ کر ہاتھ لگائیں۔ بعض عملیات اس قدر بے ضرر نظر آتے ہیں جس طرح بجلی کے کھمبوں پر بجلی کی تاریں۔ بجلی کا پتہ تاروں کو ہاتھ لگانے سے ہوتا ہے۔ چنانچہ عمل کے وقت دیکھ لیں کہ ستارے طالع عمل وقت آپ کے' سائل کے یا عمل کے موافق ہیں یا نہ ہیں۔ وضاحت ذیل کے جدول میں ہے۔

طالع	قوس	جدی	دلو	حوت	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب
سعد سیارے	شمس مریخ	عطارد زہرہ زحل	شمس زہرہ مریخ زحل	قمر مریخ	شمس مریخ مشتری	شمس عطارد مریخ زحل	زہرہ زحل	مریخ مشتری	شمس مریخ	عطارد زہرہ	عطارد زہرہ زحل	شمس قمر مشتری

طالع وقتی کو استعمال کرتے وقت دیکھ لیں کہ سعد عمل کے لئے سعد سیارے موافق ہیں اور اگر نحس عمل کر رہے ہوں تو دیکھیں کہ نحس سیارگان کا ساتھ ہے یا نہ ہے۔ اس جدول میں سعد سیارگان کے علاوہ جو باقی ہیں وہ نحس سیارگان ہیں۔

پریذیڈنٹ ہاؤس' پرائم منسٹر ہاؤس' جی ایچ کیو' سپریم و ہائی کورٹ یا سیشن و ماتحت عدالت' تھانہ' دفاتر شعبہ جات گورنمنٹ مثلاً دفتر ایجوکیشن آفیسر اور ناظمین کے دفاتر جہاں سے احکامات جاری ہوتے ہیں۔ ان کو ستارہ شمس کے ماتحت جان کر عملیات سعادت شمس تیار کئے جا سکتے ہیں۔ ایسے عملیات کے لئے طالع ثور' جوزا' سنبلہ' میزان (ستارہ عطارد اور ستارہ زہرہ کے بروج) استعمال کریں۔ ان عملیات کے لئے شرف شمس کا جمعہ کا دن بہترین وقت ہے۔ کشائش جملہ امور کے لئے شب جمعۃ المبارک میں طالع جوزا اور سرطان میں عمل تیار کریں۔ یاد رکھیں اس دوران قران قمر و عطارد اور تثلیث مریخ و مشتری ہے۔ تسخیر خواتین کے لئے موزوں ترین وقت ہے۔ ایسے عملیات کے لئے قوس' حوت' حمل' ثور' سرطان' اسد یا میزان کا طالع لیں۔ جن کا سیارہ مشتری یا مریخ ہے وہ اپنے محبوب و معشوق یا محبوبہ و معشوقہ کا عمل کسی قابل منجم جفار سے میزائل بہدف تیار کرا

سکتے ہیں۔اس وقت کا عمل انشاء اللہ تعالیٰ کروز میزائل اور گائیڈڈ میزائل کی طرف ہدف پر پہنچے گا۔اور جو حضرات اپنے محبوب یا محبوبہ یعنی معشوق یا معشوقہ کو سرگردان و فریفتہ رکھنا چاہتا ہو وہ قمر اور عطارد کی رجعت اور مشتری کی رجعت سے کام لے اور زہرہ زحل کی تربیع سے عداوت کی بجائے محبت کا کام لیا جاسکتا ہے۔(اس دوران عملیات کی وہ قسم تیار ہوگی جس میں جنسی خواہش کی تکمیل اولین مقصد ہے۔ جو عداوت کی ذلیل ترین قسم ہے) علماء جفر جو حروف کی قوت سے کام لیتے ہیں۔ان کے لئے حروف شمس کا مرتبہ جدول پیش ہے۔

عناصر	1	2	3	4	5	6	7	8	9
آتشی	م	ت	ک	ث	ف	ر	ی	ھ	ض
بادی	ن	ز	ذ	ع	ح	د	ب	ا	غ
آبی	س	ش	ص	ط	خ	ل	و	ج	ظ
خاکی	ع	ح	د	ب	ا	غ	ن	ز	ذ

(م) سعد صامت منزل قمری عوا کا حرف نحس ہے۔ (ن) سعد ناطق منزل سماک کا حرف نحس ہے۔

(س) سعد صامت منزل غفرا کا حرف سعد ترین ہے (ع) سعد صامت منزل زبانہ کا سعد ترین حرف ہے۔

	ابجد قمری	آتشی	بادی	آبی	خاکی		ابجد قمری	آتشی	بادی	آبی	خاکی
۱	ابجد	م	ن	س	ع	۱۱	اتنط	خ	ج	ر	ع
۲	اغبظ	ز	ت	ح	ش	۱۲	اصتھہ	ف	ب	ق	ش
۳	اسغن	د	ص	ذ	ک	۱۳	ارصج	ط	غ	ی	ک
۴	احست	ظ	ر	م	و	۱۴	اقرب	ھ	س	خ	و
۵	اذحص	ن	ق	ز	ض	۱۵	ایقغ	ج	ح	ف	ض
٦	امذر	ت	ی	د	ع	۱٦	اخبس	ب	ذ	ط	ع
۷	ازمق	ص	خ	ظ	ش	۱۷	افخح	غ	م	ھ	ش
۸	ادزی	ر	ف	ن	ک	۱۸	اطفذ	س	ز	ج	ک
۹	اظدخ	ق	ط	ت	و	۱۹	اھطم	ح	د	ب	و
۱۰	انظف	ی	ھ	ص	ض	۲۰	اجھز	ذ	ظ	غ	ض

سعادت وقت شمس کے عملیات میں ترفعات ابجد قمری کا جدول برائے اجمالی عملیات

جلالی عملیات اور ابجد قمری تنزلات آئندہ عاملین شائقین اور قارئین آئینہ قسمت کو پیش کریں گے

	ترفعات ابجد قمری	آتشی	بادی	آبی	خاکی		ترفعات ابجد قمری	آتشی	بادی	آبی	خاکی
۱	ابجد	م	ن	س	ع	۱۵	اعدص	م	غ	س	ب

۲	اجهز	ذ	ظ	ب	د	۱۶	افهش	ض	ن	ج	ق
۳	ادزی	ح	ک	ن	ف	۱۷	اصزخ	ط	ض	س	د
۴	اهطم	ت	ض	ج	ز	۱۸	اقطظ	ش	ک	ب	ر
۵	اوکع	ب	و	ل	ف	۱۹	ارکب	ھ	خ	س	و
۶	ازمق	ف	ث	ب	ح	۲۰	اشمھ	ص	ی	ج	ث
۷	احست	د	ک	ص	ذ	۲۱	اتسح	د	ذ	ص	ک
۸	اطفذ	ن	ت	ج	ک	۲۲	اثفک	م	ز	ب	خ
۹	ایقغ	ت	ھ	ن	ث	۲۳	اخقن	ذ	ر	س	ی
۱۰	اکشج	ط	ق	ب	ل	۲۴	اذشف	ی	و	ج	ظ
۱۱	الثو	ش	د	س	ض	۲۵	اضثر	ش	ص	س	ل
۱۲	امذط	و	ص	ج	س	۲۶	اظذث	ھ	ج	ب	غ
۱۳	انظل	ف	ب	س	غ	۲۷	اغظض	ف	ع	س	ن
۱۴	اسبع	ز	ش	ح	ت						

(1) عملیات تسخیر مردماں وخواتین وتالیف قلوب وجلب قلب اور عملیات حسن وعشق زناں محبوبہ ومعشوقہ کے اعداد متحابہ اور حروف متحانہ کے لئے حروف شمس (م' ن' س' ع) یا اُن کے حروف کا مجموعہ (۴۰+۵۰+۶۰+۷۰=۲۲۰) کو معروف قواعد کے مطابق عمل میں لائیں۔ یہ ایسے مجربات عملیات میں سے ایک عمل ہے۔ جس سے ایک ان جانی عورت بھی زن جانی ہو جاتی ہے۔ بے شک آپ اسے تحفہ رنجانی صاحب سمجھ کر عملیات میں لائیں۔ تسخیر معشوقہ ومحبوبہ کے لئے قمری طالع حمل اس وقت زیادہ موثر ہے۔ اگرچہ طالع حمل میں وبال یافتہ زہرہ اور فرح یافتہ مگر راجع عطارد بھی موجود ہے۔ اس کے علاوہ راس بھی اسی طالع میں ہے۔ قمر کے علاوہ سب رجعت کی حالت میں ہیں۔ اس لئے عمل نہایت احتیاط طلب ہے۔

(2) اسماء الحسنٰی سے کام لینے والے منجم وجفار حضرات سعادت شمس سے زیادہ تر ان اسماء اللہ تعالیٰ سے زیادہ نقوش' تعویذات اور عملیات بناتے ہیں۔

(1) جلالی اسماء الحسنیٰ

آتشی: اللہ. الجبار. المصور. الرزاق. الفتاح. الحکیم. الجلیل. القوی. المتین. المبدی. القیوم. القادر. المقتدر. العفو

بادی: .... **آبی**: المعطی. الوارث. **خاکی**: المتکبر. الخالق

نوٹ: عمل جلالی آتشی مخفی از بیاض سلسلہ فریدیہ مالک الملک ذوالجلال والاکرام تکسیر نقش حرفی 25x25 در ساعت سعید جلالی میں لکھ کر بمطابق وقت اور سائل کے استعمال کرائیں۔ اس عمل کی ہمارے خاندان سے اجازت نہ ہے۔ اس لئے کسی بزرگ سے رجوع کریں۔

(2) جمالی اسماء الحسنیٰ:

آتشی: العزیز. الغفار. الوھاب. اللطیف. الرقیب. الواسع. الودود. الکبیر. المحی. الرؤف. المغنی

بادی: الباسط. الرافع **آبی**: الحلیم. النافع. الھادی. الباقی

خاکی: العلیم. المعز. الحکم. الغفور. العلی. الکریم. الوکیل. الولی. الواجد. الصمد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو 625=25x25 خانوں میں لکھ کر اپنے پاس محفوظ رکھیں۔ یہ عمل جمالی ہے۔

نوٹ: ناتجربہ کار حضرات جمالی اسماء الحسنیٰ سے عملیات تیار کرنے کی کوشش کریں۔ جلالی اسماء الحسنیٰ سے پرہیز کریں۔
بعض اسماء الحسنیٰ جلالی و جمالی (مشترک) ہیں۔ ان سے بھی احتیاط لازم ہے کیونکہ ان سے عمل تیار کرتے وقت جمالی کی بجائے جلالی بن جائے گا۔ جو حرز کی بجائے حزر کا کام کریں گے۔ یاد رکھئے عطارد مشتری سعد بروج میں ہونے کی بجائے رجعت میں آ کر کمزور ہیں۔ زہرہ و زحل وبال یافتہ ہیں۔ مریخ حضیض میں ہے۔ باقی قمر و شمس رہے۔ جن کے تحت عملیات ہیں۔ آپ جاہ و مرتبہ اور اقبال مندی اور دولت مندی کے عملیات کرتے وقت اپنی باقی ماندہ عزت و مرتبہ اور دولت جو رہی سہی ہے اس سے ہاتھ دھو بیٹھیں اور کنگال یا **King · all** ہو جائیں۔
جو عامل حضرات اسماء الحسنیٰ کی بجائے آیات قرآنیہ سے عملیات تیار کرتے ہیں یا اسماء الحسنیٰ کے ساتھ آیات قرآنیہ ملاتے ہیں وہ حضرات صرف انہی آیات پر عمل تیار کریں۔

شمار	آیات قرآنیہ	اعداد	خاصیت
1	سبحان ربک رب العزة عما یصفون و سلام علی المرسلین والحمد للہ رب العالمین o	۲۶۵۶	اس موقع کا بے خطا عمل ہے۔ اسے شرف شمس میں ضرور آزمائیں
2	انا فتحنا لک فتحاً مبینا o	۱۲۳۳	یہ دونوں آیات سیارہ مشتری اور سیارہ مریخ والوں کو زیادہ فائدہ دیں گی اور پہلی آیت کی امداد کریں گی۔
3	یا الہ الالھة الرفیع جلالہٗ o	۹۷۴	
4	یحبونھم کحب اللہ والذین امنوا اشد حباً للہ o	۱۴۹۳	ان دونوں آیات کو ملا کر نقش مربع بنایا جا سکتا ہے۔ دونوں آیات اعمال محبت میں مشہور ہیں۔
5	والقیت علیک محبة منی ولتصنع علی عینی o	۲۱۲۳	
6	والٰھکم الہ واحد لا الہ الا ھو الرحمن الرحیم o	۸۸۵	صاحب مرتبہ مرد کو اپنا بنانے کیلئے
7	قد شغفھا حباً انا لنرھا فی ضلل مبین o	۲۶۲۴	صاحب مرتبہ عورت کو اپنا بنانے کے لئے
8	ان اللہ ھو الرزاق ذوالقوة المتین o	۲۲۴۱	کسی وجہ سے تنخواہ یا رزق بند کر دیا گیا ہو
9	اللہ لطیف بعبادہ یرزق من یشاء وھو القوی العزیز o (واللہ یرزق من یشاء بغیر حساب) یہ آیت بھی ملا سکتے ہیں	۱۲۸۷ ۲۰۷۴	جب آپ اپنا موجودہ سٹیٹس اور معیار بڑھانا چاہتے ہوں تو یہ عمل مجرب ہے اور اس آیت کو بھی احتیاط سے لکھیں
10	نصر من اللہ و فتح قریب o حسبنا اللہ و نعم الوکیل o واللہ غالب علیٰ امرہٖ o	ابجد قمری خود نکال لیں	ان تینوں آیات کا نقش مثلث تیار کریں۔ اس میں چوتھی آیت نعم المولیٰ و نعم النصیر یا رب انی مغلوب فانتصر یا مطلب کے مطابق چوتھی ملا کر مثلث یا مربع کا نقش تیار کریں۔
11	لقد جاء کم تا العرش العظیم o	ابجد قمری خود نکالیں	ان دونوں آیات کے نقوش بڑی احتیاط سے تیار کریں۔ اس مرتبہ شرف شمس بڑی احتیاط چاہتا ہے۔
12	زین للناس تا حسن الماب o		

عاملین حضرات آپ کسی سائل کے لئے عمل تیار کرتے وقت اس کا زائچہ پیدائش یا زائچہ وقت سوال کو دیکھ کر عمل تیار کریں۔ کیونکہ اس مرتبہ اکثر عامل حضرات رجعت سے متاثر ہو سکتے ہیں یا اپنے عمل میں ناکام ہو سکتے ہیں۔ اس لئے آپ براہ راست دفتر آئینہ قسمت سے مشورہ یا اجازت لیکر عمل شروع کریں۔

رحمکاریہ نمبر

عامل سید شعیب الرحمٰن۔ ایبٹ آباد

سورج گرہن

عمل نمبر 1 اس سال سورج گرہن شرف یافتہ شمس جو 9 اپریل برج حمل کے 19 درجہ 6 دقیقہ پر لگے گا۔ اس وقت کی مناسبت سے کچھ عملیات رحمکاریہ کیساتھ حاضر ہوں۔ جو لوگ گردے کے مرض میں مبتلا ہیں یا گردے میں پتھری ہو تو وہ سورۃ ابراہیمؑ کی پہلی تین آیات 40 پرچوں پر لکھ کر اس میں ایک پرچی اپنے پاس رکھیں باقی 39 صبح کے ٹائم ایک پی لیا کریں۔ خداوند کے فضل وکرم سے 40 دن میں مکمل شفاء حاصل ہوگی۔

عمل نمبر 2 جن لوگوں کو جسمانی اور ذہنی کمزوری ہو اور احساس کمتری میں مبتلا ہوں وہ سورۃ ہودؑ کی آیت نمبر 17 زعفران اور عنبر سے 21 پرچیوں پر لکھیں۔ ایک پرچی کا تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھیں اور 20 پرچیوں کا روزانہ صبح کے ٹائم پر ایک تعویذ پیا کریں۔

عمل نمبر 3 جن لوگوں کی نظر کمزور ہو چکی ہو وہ سورۃ نور کی آیت نمبر 35 ایک تعویذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ گرہن کے دوران وہی آیت عرق گلاب' کھوپرا کے تیل اور بادام کے تیل پر دم کر کے سر پر رات کے وقت مالش کیا کریں اس عمل کی کل مدت 40 دن ہے۔ یہ تیل ان کے لئے آب حیات ہے۔

عمل نمبر 4 : جو لوگ جن کے جوڑوں میں درد ہو' کمر میں درد ہو' جسم کی کسی بھی ہڈی میں درد ہو تو وہ زیتون کا تیل لیکر گرہن کے دوران 92 مرتبہ درود ابراہیمی 92 مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کریں پھر رات کے وقت مالش کیا کریں۔

عمل نمبر 5 جو لوگ دشمن کے سحر' جادو' آسیب' جنات' پری' چڑیل' ہمزاد' مؤکلات کی وجہ سے پریشان ہوں تو وہ 5 کاغذوں پر چار قل ایک بسم اللہ کیساتھ لکھ کر (یہ لکھنا گرہن کے دوران ہے) اس میں ایک تعویذ اپنے پاس رکھیں باقی چاروں تعویز یں گھر کے چاروں کونوں میں دفن کریں۔

عمل نمبر 6 جو لوگ گرہن کے دوران سورۃ فاتحہ 121 مرتبہ پڑھیں تو وہ ایک سال کیلئے سورۃ فاتحہ کا عامل ہوگا پھر روزانہ 11 مرتبہ پڑھا کریں تاکہ عمل قابو میں رہے۔

عمل نمبر 7 : یہ گرہن شرف شمس کے بعد لگے گا۔ اگر اس دوران سورۃ شمس کو 92 مرتبہ پڑھیں تو ایک سال کیلئے سورۃ شمس کے عامل بن جائیں گے۔ پھر روزانہ 7 مرتبہ پڑھا کریں تاکہ عمل قابو میں رہے۔

عمل نمبر 8 : جن لوگوں کو تسخیر خلق' رجوع خلق کی ضرورت ہو تو وہ چاندی کی انگوٹھی بنوا کر اس پر حروف صوامت کے حروف لکھ کر مگر سارا کام گرہن کے دوران کرنا ہے۔ پھر اس انگوٹھی پر ایک مرتبہ سورۃ یوسفؑ پڑھ کر دم کریں یہ تسخیر خلق' رجوع خلق کی عظیم قوت ہے۔

عمل نمبر 9 جن لوگوں کو رزق کی تنگی ہو تو وہ سورۃ یٰسین شریف گرہن کے دوران گولڈن کاغذ پر زیر زبر پیش کیساتھ لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ پھر تین مرتبہ روزانہ سورۃ یٰسین پڑھیں مگر اس میں شرط یہ ہے کہ اسکی عربی لکھی جائے اسکا نقش نہ بنایا جائے تب تاثیر ہوگی۔ نقش میں یہ کام نہیں کرے گا۔

عمل نمبر 10 جن لوگوں کی فیکٹری وغیرہ ہو اور وہ جادو کے ذریعہ بند کی گئی ہو تو سورۃ عبس 5 کاغذوں پر لکھ لیں پھر گرہن کے دوران گیارہ مرتبہ سورۃ عبس پڑھ کر دم کریں۔ اس میں ایک تعویذ اپنے پاس رکھیں باقی چار تعویذ فیکٹری کے چاروں کونوں میں دفن کریں۔ اس عمل پر سحر غالب نہیں ہوتا۔ یہاں جنات اور مؤکلات اور ہمزاد بھی بے بس ہوتے ہیں۔

عمل نمبر 11 : جن لوگوں کو ترقی عروج کی ضرورت ہو تو وہ اپنا نام معہ والدہ اول سورۃ ہودؑ کی آیت نمبر 21 کے اعداد نکال کر ان سب اعداد کو جمع کر کے ان کے حروف پیدا کریں۔ حروف کے آگے کلمہ ائیل لگا کر مؤکل پیدا کریں پھر اس کو چاندی کی انگوٹھی پر لکھیں۔ اس عمل کی برکت سے اللہ پاک ایسے اسباب بنائے گا کہ غنی ہو جائیں گے۔

عمل نمبر 12 : جو لوگ دشمنوں سے تنگ آچکے ہوں' پریشان حال ہوں وہ سورۃ ابراہیمؑ کی آیت نمبر 17 ایک لوح پر لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ خدائے پاک اجر دیگا۔

عمل نمبر 13 جن لوگوں کو لاعلاج امراض کی بیماریاں ہوں وہ اپنا نام معہ والدہ سورۃ حدید کی پہلی چار آیات میں امتزاج دیکر ایک الگ کاغذ پر لکھیں اور 40 پرچیوں پر زعفران' عنبر پر لکھیں۔ ایک تعویذ اپنے پاس رکھیں۔ باقی صبح کے ٹائم ایک ایک تعویذ پیا کریں۔ یہ سارے اعمال گرہن کے دوران کرنے ہیں۔ اللہ پاک سے دعا ہے کہ خداوند کریم آپ لوگوں کو کامیاب کریں اور دن دوگنی رات چوگنی ترقی دیں۔

میاں جاوید اقبال

شمسی و قمری گرہن اور حروف صوامت

قارئین آئینہ قسمت اور شائقین علم جفر کیلئے مجرب اعمال گرہن حاضر خدمت ہیں جو کہ نہایت سریع التاثیر ہیں بلکہ یہ ایسے اعمال ہیں جو کہ آج تک رسالوں کتابوں کی زینت نہیں بنے۔ سال **2005** کے آغاز سے ہی حروف صوامت پر بحث کا آغاز ہو گیا تھا۔ اس سے قبل بھی علماء جفر اور عاملین و کاملین نے حروف صوامت سے اعمال بندش یعنی اعمال عقود میں کام لیا۔ آج تک اِس مثبت کام کی طرف کسی نے خیال نہ کیا۔ زنجانی جنتری **2005** میں شاہ زنجانی صاحب نے "معجزہ نما حروف صوامت پر مثبت مضمون لکھ کر پاکستان بھر کے عاملین و شائقین کو ایک نئی روشنی دکھائی عقود جمع ہے عقد کی جس کے معنی باندھنا کے آجاتا ہے۔ یعنی **عقد اللسان' عقد النوم' عقد النکاح** وغیرہ۔ قارئین ایسے اعمال کرنے والے کے پاس کوئی ایسا پیمانہ نہیں جس سے وہ یہ دیکھ سکتا ہو کہ کیا ایسے اعمال کرنا درست ہے جب تیر کمان سے نکل جائے تو وہ لگے گا تو ضرور بلکہ کرنے والے کو سوچنا چاہئے کہ جس کے خلاف کیا جا رہا ہے وہ بھی مخلوقِ خدا ہے کیا اُس کی حق تلفی تو نہیں ہو رہی۔ آج کل ہزاروں ایسے اشتہاری عاملین ہیں جو چند ٹکوں کی خاطر مخلوق خدا کو تنگ کر رہے ہیں۔ بہر حال اصل موضوع کی طرف آتے ہیں۔ **28** حروف قمری میں سے **13** حروف ایسے ہیں جو کہ بے نکات ہیں۔ اُنہیں حروفِ صوامت کہا جاتا ہے۔ یہ اس کے متعلق علمائے جفر بارہا مرتبہ تجربات کر چکے ہیں یہ تیر کی طرح کام کرتے ہیں بلکہ اسے سفید جادو کہنا بجا ہوگا۔ اکثر ان سے قمر در عقرب یا گرہن کے اوقات میں تیار کردہ اعمال برائے عقد **24** گھنٹوں کے اندر اندر کام دکھا دیتے ہیں۔ حروف صوامت جن کی تعداد تیرہ ہے درج ذیل ہیں۔

ا ح د ر س ص ط ع ک ل م ہ و

شمسی و قمری گرہن جو کہ نحس ترین اوقات ہیں۔ ان اوقات میں آپ جس عمل کی زکات دینا چاہیں وہ ایک سال تک آپ کو کام دے گی کیونکہ ان کیلئے کسی چلہ کی ضرورت نہ ہے۔

سورج گرہن: یہ جزوی گرہن **9** اپریل کو **1** بجکر **39** منٹ پر بعد از نصف شب ہوگا۔ خاتمہ گرہن **3** بجکر **26** منٹ پر ہوگا۔ یہ گرہن حقیقی ہالہ دار اور مکمل ہوگا جس کی کل طاقت کا دورانیہ صرف **42** سیکنڈ ہوگا۔ دوران گرہن مکمل نظر زہرہ اور زحل میں تربیع ہوگی۔ یہ نحس اصغر نظر سورج گرہن کی نحوست کو چار چاند لگا دے گی جو کہ فتنہ فساد کیلئے نہایت سریع التاثیر اعمال تیار کرنے میں مدد دے گی۔ دوسری نظر مریخ و مشتری تثلیث ہوگی یہ سعد اکبر نظر علو مرتبت حصول مال و زر کیلئے اہم ہے۔ پاکستان میں اس وقت نصف شب ہوگی لہٰذا یہ گرہن بحرالکاہل' براعظم امریکہ' برازیل اور یورپی ممالک میں دیکھا جائیگا۔

چاند گرہن: یہ گرہن **24** اپریل دوپہر **1** بجکر **10** منٹ پر شروع ہوگا اور اس کا خاتمہ **5** بجکر صفر منٹ پر ہوگا۔ یہ گرہن ہالہ دار اور جزوی ہوگا۔ اس کی حقیقی قوت صرف **10** سیکنڈ ہوگی۔ اس وقت مکمل نظر زہرہ اور یورانس میں تسدیس ہوگی یہ سعد اصغر نظر عورتوں پر غلبہ پانے کیلئے ہے۔ دوسری سعد اصغر نظر مریخ و پلوٹو میں تسدیس ہے جس میں صحت و توانائی جسمانی حیوانی جنسی قوت کے اعمال تیار کئے جاسکتے ہیں۔ پاکستان میں یہ گرہن دوپہر کو ہوگا لہٰذا یہ براعظم امریکہ (کینیڈا) بحرالکاہل' میکسیکو میں دیکھا جاسکے گا۔

ان اوقات میں آپ حروف صوامت کی زکوٰۃ ادا کرسکتے ہیں جو کہ ایک سال تک آپ کو کام دے گی۔ اس کی زکات ادا کرنے کا طریقہ اول یہ ہے کہ 543 مرتبہ ان حروف کو لکھ کر کسی قبرستان میں دفن کر دیا جائے۔ طریقہ دوم ان حروف کو ''احد رسّ طعک لموہ'' کو 543 مرتبہ پڑھ لیا جائے تب بھی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ بہتر طریقہ اول ہی ہے۔ آج ہم حروف صوامت سے بندش کا کام لیں گے یعنی عقد الامراض' مختلف امراض کی بندش کریں گے اس کیلئے کلمہ طیبہ کی روحانیت سے کام لیں گے۔ کلمہ طیبہ ویسے بھی مختلف امراض' حب' دفع سحر کیلئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

بسط حرفی: ل اال ہ ال اال ل ہ م ح م د ر س ں و ل ال ل ہ

کلمہ طیبہ چوبیس حروف اور 7 الفاظ پر مشتمل ہے۔ چوبیس حروف بھی حروف صوامت میں سے ہیں۔ اعداد ۶۱۹ بنتے ہیں ان کا مفرد بھی ۷ آتا ہے۔ (شاہ زنجانی صاحب نے اس سال 2005 کو ویسے بھی روحانی سال کا درجہ دیا ہے) اگر ان کی تلخیص کی جائے تو ۹ حروف درج ذیل سامنے آتے ہیں۔

تلخیص: اح د ر س ل م و ہ

یہ ۹ حروف کلمہ شریف کی تلخیص ہیں اعداد ۳۵۴ بنتے ہیں۔

طلسم: ہومل۔ سردحا

عمل نمبر 1: عین گرہن کے وقت ان الفاظ کو جو طلسمی ہیں ان کو 354 مرتبہ لکھ کر کسی قبرستان میں دفن کیا جاے اور ساتھ میں 354 مرتبہ پڑھ کر عمل کو مکمل کیا جائے۔


۷۸۶

ح	م	ل
۵	س	ا
ر	د	و

اح د ر س ل م و ہ بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

درج بالا نقش کو جملہ امراض آپ ایک نقش گلے میں پہننے کیلئے دیں انشاء اللہ ایک دو دن میں مرض کا خاتمہ ہوگا۔ آپ 19 مرتبہ ''بسم اللہ الرحمن الرحیم ہومل سردحا'' کا دم بھی کر سکتے ہیں۔

عمل نمبر 2: گرہن سے قبل 2 رکعت نماز ادا کریں۔ اس کے بعد عین گرہن کے وقت 619 مرتبہ کلمہ طیبہ ''لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ'' کا ورد کریں۔ بعد ازاں 2 رکعت نماز ادا کریں۔



یہ نقش آپ تمام جلدی امراض درد' درد شدید میں لکھ کر دیں تاکہ گلے میں ڈالا جا سکے۔ دوسرا نقش تیل میں ڈال کر متاثرہ حصوں پر لگانے سے جسم درد اور جلدی امراض کا فوراً خاتمہ ہوگا۔ خیال رہے کہ تیل زمین پر نہ گرنے پائے اور تیل پاؤں کے نچلی جانب نہ لگنے پائے۔

تمام امراض کیلئے آپ درج ذیل نقش پہننے کے لئے دے سکتے ہیں۔ اس سے 21 دنوں میں موذی سے موذی مرض بھی جاتا رہے گا اور سحر و آسیب کا خاتمہ ہوگا حتیٰ کہ سحر و آسیب والی جگہ 3 دن پانی میں حل کر کے کمرے کے کونوں میں چھڑکنے سے سحر و جادو کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔ نقش مثلث آبی چال یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

جبرائیل

۲۰۳	۲۰۹	۲۰۷
۲۱۱	۲۰۶	۲۰۲
۲۰۵	۲۰۴	۲۱۰

اح د ر س ل م و ہ بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

یہ اعمال انتہائی مجرب اور سریع التاثیر ہیں۔ ان کو کرنے کیلئے یہ صرف ان کے مثبت اقدام ہیں لہٰذا بغیر اجازت اسے ہرگز نہ کریں اس کی اجازت حضرت شاہ زنجانی یا پھر کسی روحانی سلسلے کے بزرگ سے لے لیں کیونکہ ان اعمال سے منفی پہلو پر بھی کام لیا جا سکتا ہے۔ اس لئے اجازت عام نہیں ہے۔

برائے اجازت: 10 کلو باجرہ 2 کلو چاول کا ٹوٹا ملا کر پرندوں کی عمل سے قبل دعوت کر دیں تو عامل شاہ زنجانی کی طرف سے آپ کو اس عمل کی اجازت ہے۔

روحانی عملیات

قواعد سفلی منتریات

از تحریر: مجید الماس۔ کراچی

عامل حضرات کہتے ہیں کہ منتر کارگر نہیں ہوتے یہ نہیں سوچتے کہ عامل میں جو خامیاں ہوتی ہیں وہ دور نہیں کرتے۔ ہر ایک کتاب پر ایک منتر مبتدی کو رجال الغیب یا چکر جوگی وغیرہ کا ایسا پابند کیا ہے کہ دیکھ کر مبتدی کی ہمت ٹوٹ جاتی ہے میں نے اپنی عمر میں ان تمام شرطوں کی پابندی کی اور لوازمات کا احساس ساتھ رکھا۔ بغور کا موازنہ کیا لیکن کچھ اپنے تجربات سے معلوم ہوا کہ یہ سب ڈھکوسلا اور لغویات ہے۔ بس خدا کا حکم قادر ہے۔ ہر ایک کام کو خدا کے سپرد کر دینا ہی ضروری سمجھا۔ رجال الغیب اور چکر جوگی کیا کرسکتا ہے۔ میرے اُستاد نے فرمایا کہ کشتی خدا پر چھوڑ دے لنگر کو توڑ دے۔

البتہ یہ چند اصول ہیں جن کا عامل کو پابند ہونا لازمی ہے۔ اول سب سے صاحب عمل کی اجازت ضروری اور لازمی ہے۔ مجھے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مثال یاد آ گئی کہ رسول اکرمؐ اپنے صحابہ اکرامؓ کے ساتھ کہیں گئے ہوئے تھے۔ راستے میں ایک آدمی ملا اس نے رسول اکرمؐ سے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری ایک بکری بیمار ہے اس پر دم کر دیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ایک صحابیؓ کو اس کے ساتھ روانہ کر دیا۔ صحابیؓ جب دم کر کے واپس آنے لگے تو آدمی نے صحابیؓ کو آٹھ بکرے انعام میں دیئے اور واپس آیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آٹھ بکرے دم کرنے کا معاوضہ نہیں ہے صرف 4 بکرے تم رکھ لو۔ 4 واپس کر دو اور دم اثر کرے گا۔ انہوں نے 4 واپس کر دیئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اس عمل یا دم کا اثر ہوتا ہے۔ اجازت کی فیس اتنی لو جتنی آدم دے سکے۔ اجازت کا ہدیہ ضرور ہوتا ہے مگر بہت کم لو۔

شرائط سفلی عملوں کی

عمل ہذا میں جو عمل صابری سفلی ہیں وہ اہل اسلام کیلئے حرام تو ضرور ہیں مگر ان کے بغیر گزارہ بھی نہیں کہ کسی صاحب کو اس طرح رغبت نہیں دلاتا ہوں اور نہ پڑھنے کیلئے رغبت دینا چاہونگا۔ ان کا دل چاہے پڑھے یا نہ اب

دوسری شرط منتروں کی یہ ہے جو منتر کرلے وہ سمجھ لے یا تو زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھا۔ عمل پا لیا تو دِل مضبوط رکھے اور مضبوط دِل والا ہی عمل پڑھے چونکہ ہر عمل کا ایک قاعدہ ہے۔ موکل بہت خوف ناک صورت اختیار کر کے آتے ہیں اور عامل کو ہر طرح سے خوف اور ڈراتے ہیں۔ اور امتحان لیتے ہیں ایسی حالت میں اگر عامل ڈر گیا تو جان سے مارا گیا ورنہ وہ موکل عامل کو زخمی بھی نہیں کر سکتے۔ غور طلب بات ہے جب کسی کو قید ہو جاتی ہے تو صفائی' اپیل سینکڑوں استغاثہ کرتا پھرتا ہے اور یہی چاہتا ہے کہ قید سے رہائی ہو جائے تو اچھا ہے حالانکہ چند روز کی قید ہوتی ہے اور موکل کو تو زندگی بھر تابعدار رہنا پڑتا ہے۔ پھر اگر ایسے نہ کریں تو کیا کریں جب موکل کسی عمل کا آوے اس سے پوچھے کہ کیا کیا کام کرسکتا ہے پھر اس سے شرائط طے کرے اور اگر موکل بھینٹ مانگے اتنا مانگے کہ تم نہ دے سکو۔ اگر تم نے مثال کے طور پر خلاف ہمت نہ مانو۔ جتنا دے سکو تو دے دو تو اسے جواب دے دو۔ اتنی تھوڑی دینا طے کر لو مثال کے طور پر ایک ماہ میں چار آنہ کی شراب جسے تم برداشت کرسکو۔ اگر تم نے خلاف ہمت طے کر لیا۔ مثال کے طور پر دس بوتل روز شراب پانچ من روٹی وغیرہ آپ سے نہ دی گئی تو جان سے مار ڈالے جاؤ گے اس واسطے بھینٹ بہت کم کرے۔ اس واسطے یہ شرط ہے کہ پہلے اُستاد تلاش کرے پھر عمل شروع کرے چونکہ بغیر اُستاد کے سنبھلنا مشکل ہے۔ عمل صابری یعنی سفلی میں عورت سے صحبت نہ کرے۔ گوشت' گرم چیز نہ کھائے' پاک رہے' پاک صاف کو موکل کچھ نہیں کہہ سکتا۔ سب سے بڑی شرط یہی ہے۔ جس وقت عمل اول وقت شروع کرے ہمیشہ تا ختم اسی وقت پر پڑھا کرے۔ چونکہ جب طالب کسی منتر کا چلہ کرتا ہے اس کا موکل ٹھیک وقت پر آتا ہے۔ پھر اگر وقت میں تفاوت ہو جائے تو موکل ٹھیک اپنے ٹائم پر آ کر چلا جاتا ہے اور پھر نہیں آتا ہے۔ بعض دفعہ کسی عمل کا موکل دو دو چلہ نہیں آتا۔ عامل بد دِل ہو جاتا ہے۔ ایسا کبھی نہ کرنا چاہئے۔ تین چلہ میں کوئی ایسا عمل نہیں جو سدھ نہ ہو۔ ہر ایک عمل کا تین چلہ کرنا ضروری سمجھا جاتا ہے۔ اگر موکل اول یا دوسرے چلہ میں درمیان عمل آ جاوے تو ختم کر کے ہم کلام ہو مگر چلہ سے پہلے ہم کلام نہ ہو۔ چلہ پورا کرنے پر یعنی عمل ختم ہونے پر ہم کلام ہونا ضروری ہے۔ موکل سے مطلق خوف نہ کرے بلکہ موکل سے ایسی دبنگ آواز سے گفتگو کرے کہ

مؤکل خود دب جائے۔ جو جس عمل میں بھینٹ بخور وغیرہ لکھا ہے اس کے دینے میں مطلق کسر نہ کرے۔ ہر ایک عمل کی شرائط پابندی کے ساتھ کرے تو دکھن کی طرف منہ رہے اور اگر عمل محبت' صحت اور ترقی درجات کرے۔ اگر عمل زبان بندی ہتھیار بندی کرے یا دفع دشمن یا مقہور کردیا کرے۔ تو منہ پہاڑ یعنی شمال کی طرف رکھنا ضروری ہے۔ درمیان عمل کسی سے بات نہ کرے اپنے مطلب کو دھیان میں رکھے عمل پر اعتقاد رکھے۔ فوراً سدھ ہوگا۔ محبت کرے محبت کو راحت ہے۔ بعض عملیات میں کھانا ایک وقت کھایا کرے ویسا ہی کرے ہر اصول کا ضرور پابند رہے۔ ساعت نیک زہرہ مشتری آفتاب کی لے ہر عمل **12** بجے رات کو کرے۔ چونکہ پیدل بند ہو جاتی ہے اور سنسان ہوتا ہے۔

ایک خاص نقطہ کی بات: اس نقطہ کو عاملان سفلی چھپاتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ منتر تسخیر نہیں ہوتے۔ ہر ایک سفلی عمل واسطے تسخیر کے جب پڑھنے والا ایک کاغذ پر لکھ کر اپنے پاؤں کے نیچے پڑھتے وقت دبا دے اس طرح سے مؤکل پر بہت زور پڑتا ہے اور فوراً حاضر ہوتا ہے اور بعض بعض بخور بھی ایسے ہوتے ہیں جن کے دینے سے مؤکل فوراً آتا ہے۔

ساعت زہرہ کا خاص عمل

مجرب لوح (حصول رشتہ)

☆......از تحریر: سید علی مقدس۔ گوئنڈ کے

موجودہ زمانے میں قریباً ہر گھرانہ میں سب سے بڑا مسئلہ بچیوں کی شادی کا ہے۔ ماں باپ بیچارے کچھ تو بوجہ غربت اور کچھ اچھا رشتہ نہ ملنے کی وجہ سے اپنی بچیوں کی شادی کے مسئلے پر سوچ سوچ کر اپنی راتوں کی نیند سے بھی محروم ہو جاتے ہیں اور لڑکیاں رشتہ نہ آنے کی وجہ سے صبر کے گھونٹ پی کر ماں باپ کی چوکھٹ پر عمر گزار دیتی ہیں۔ اس لیے ضرورت محسوس ہوئی کہ تمام قواعد سے ہٹ کر سادہ سی لوح متعارف کرائی جائے۔ لوح کسی سادہ سفید کاغذ پر زعفران اور عرق گلاب سے لکھ لیں جو افراد زعفران کی استطاعت نہیں رکھتے وہ کھانے والے زردے کے رنگ کو عرقِ گلاب میں حل کر کے محلول بنا کر انار کی لکڑی کی قلم سے لکھیں۔ غرض آپ اس لوح سے ہرگز محروم نہ ہونے پائیں۔ لوح یا نقش ہر قمری ماہ کی **4** تاریخ سے **10** تک جو جمعرات آئے طلوع آفتاب کے وقت لکھیں اور تعویذ کی صورت میں بند کر کے چاندی کے تعویذ میں مڑھوا کر لڑکی کے گلے میں ڈالیں اور لڑکی کو سختی سے نماز پنجگانہ کی تاکید کریں۔ لڑکی نماز میں ہرگز غفلت نہ برتے۔ اللہ نے چاہا تو ڈیڑھ ماہ کے اندر اندر لڑکی کا بخت کھل جائیگا اور مناسب رشتے خود بخود آنے شروع ہو جائیں گے۔ لوح مبارکہ میں کلمہ ''قولہ'' اشارہ ہے امرو نہی الٰہیہ کا۔ کلمہ ''الحق'' اشارہ موت کی طرف ہے کہ موت برحق ہے اور ہر چیز نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے۔ کلمہ ''ولہ'' اشارہ ہے ملک و خزانہ عطا و بط رزق الٰہی کی طرف۔ کلمہ ''الملک'' اسرافیلؑ سے منسوب ہے روزِ آخرت کا پیغام یہی دے گا۔ ملائکہ جبرائیلؑ عزرائیلؑ میکائیلؑ اسرافیلؑ کا تعلق شمال' مشرق' مغرب' جنوب سے ہے ان چار ملائکہ کے ذمہ ہماری دنیا کا انصرام چلانا ہے ان کے خدام شمکائیلؑ شقفیائیلؑ لوبیائیلؑ فقطشائیلؑ اطراف کے گوشوں کے حکمران ہیں۔

چال نقش

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	٤

نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

عزرائیل | اسرافیل

١٦٤	١٥٩	١٦٦
١٦٥	١٦٣	١٦١
١٦٠	١٦٧	١٦٢

میکائیل

نوٹ: فیض پا لینے کے بعد میرے لئے اور خصوصی طور پر محترم سید انتظار حسین شاہ زنجانی صاحب کیلئے صحت و سلامتی کی دعا فرمائیں کہ جو عوام کے دکھوں کا مداوا کرنے کیلئے ایسے ایسے پر تاثیر الواح و نقوش و عملیات منظر عام پر لا رہے ہیں۔

مجرب لوح یصلب

از تحریر: سید علی مقدس۔ گوئنڈ کے

بنی نوع انسان کیلئے یہ بات طبعی اور فطری ہے کہ جس طرح ضروریات جسمانی کیلئے پیٹ بھر کھانا پیاس بھر پانی یا گرم و سرد کپڑا لابد ہے اسی طرح روحانی ضرورت کیلئے شکرِ منعم ضروری ہے۔ اگر تمام مذہبوں کا خلاصہ بنظر انصاف غور کیا جائے تو یہی ہے کہ اپنے منعم کا شکر ادا کرو اور اپنے

محکوموں کا احسان مانو۔ حق اللہ اور حق العباد دونوں اس میں آچکے ہیں " من لم یشکر الناس لم یشکر اللہ" نے اس رمز کو بیان کیا ہے۔

اکسیر اور تسخیر کی تلاش میں تا حال لوگ سرگرداں ہیں ۔ دونوں کا عمل ہے۔ مگر اتنا ارزاں نہیں جس طرح لوگ سمجھتے ہیں۔ دونوں کی قیمت محنت بے پایاں ہے۔ زندگی کا قیمتی حصہ وقف کر کے خوب سے خوب تر کی تلاش کرنے والے دُنیا میں نایاب ہیں۔ آج کے ترقی یافتہ دور میں بھی کوئی شخص یہ گوارہ نہیں کرتا کہ کسی مجرب عمل کی تلاش میں میلوں دور سفر کر سکے ہر شخص کی یہی خواہش ہے کہ ہر چیز بنی بنائی اس کے در پر آ جائے۔ **2004** کو الوداع کہتے ہوئے نئے روحانی سال کی خوشی میں عاملین حضرات پیر صاحبان' حکمت سے وابستہ افراد اور آئینہ قسمت پڑھنے والے ہر فرد کیلئے تحفہ ہے اور سب کیلئے اکسیر ثابت ہوگا۔ انشاء اللہ۔

خواص لوح یصلبؑ: اہل علم جانتے ہیں کہ یصلبؑ علمی بھیدوں سے ایک بھید ہے اور اسم اعظم کے بہت قریب ہے۔ زندگی کے ہر معاملے میں یہ لوح مبارکہ عامل کو اپنی قوت و طاقت کا مشاہدہ کرواتی ہے اب صاحب علم و فن اپنی بصیرت سے حسب منشاء استعمال کریں۔ عوام کیلئے چند فوائد لکھ دینا بہتر ہے۔

(1) محبت کیلئے لوح کے نیچے فلاں بنت فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں لکھ کر پھلدار درخت پر لٹکا دو اور دیکھو کہ مطلوب کس طرح تمہارا طالب بنتا ہے۔

(2) عداوت کیلئے لوح کے نیچے فلاں بن فلاں علیٰ بغض فلاں بن فلاں لکھ کر احاطہ قبور میں کسی درخت پر لٹکا دو۔

(3) دکان فیکٹری پرائیویٹ سکول میں شیشے کے فریم میں لگائے اور برکت دیکھے۔

(4) استخارہ کیلئے لوح مبارکہ کملی ہی سرہانے تلے رکھ کر سو جائے اور جو چاہے معلوم کرے۔

(5) جادو سحر سے نجات اور جادو پلٹنے کیلئے دائیں بازو سے باندھو۔

(6) حکمت سے منسلک حکیم صاحبان یہ لوح پلاسٹک کوٹنگ کروا کر بٹوے میں رکھیں اور پھر دوبارہ لوح کو بٹوے سے نکال کر دیکھنے کی جرات نہ کریں ناپاک آنکھوں سے لوح کو نہ دیکھیں ہر مریض کو جلد شفا ہوا کرے گی اور مریض زیادہ آئیں گے۔ ڈاکٹر حضرات بھی آزمائیں۔

(7) عامل حضرات پیر اور گدی نشین سادات کے لئے یہ لوح خصوصی تحفہ ہے۔ اسے جس مقصد کیلئے جیسے بھی آزمائیں فوراً اثر کرے گی ہرگز خطا نہ کرے گی۔ انشاء اللہ۔ لوح یصلبؑ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

جبرائیل

ب	ل	ص	ی
ی	ص	ل	ب
ل	ب	ی	ص
ص	ی	ب	ل

میکائیل

عزرائیل — اسرافیل

نوٹ: لوح یصلبؑ وہی شخص لکھے جس کے پاس شاہ زنجانی قبلہ کا اجازت نامہ ہو اور نماز پنجگانہ پڑھے ورنہ سوائے تکلیف اور وقت ضائع کرنے کے کچھ ہاتھ نہ آئیگا لہٰذا محترم شاہ زنجانی صاحب سے اجازت ضرور حاصل کریں۔

عمل برائے حصول جلوہ نوری

☆......از تحریر: ایم مصدق قریشی۔ ایبٹ آباد

بروز پنجشنبہ عروج ماہ قمری میں شروع کریں۔ بعد از نماز عشاء باطہارت اچھی سی اگربتی لگا کر رجال الغیب کو پشت پر یا دائیں طرف رکھ کر (رجال الغیب معلوم کرنے کیلئے) زنجانی جنتری **2005** سے استفادہ حاصل کریں۔ روزانہ **500** مرتبہ بعد از نماز عشاء صلی اللہ علیک یا محمد. پڑھیں۔ انشاء اللہ سات روز بعد زیارت رسول کریم ﷺ نصیب ہوگی۔ اگر **21** روز پڑھیں گے تو حالات اولیائے اکرام و حالات زمین ظاہر ہونگے۔ اگر **40** روز پڑھیں گے اور جو چیز زمین کی ہوگی وہ مطیع ہوں گی بلکہ جن و پری و دیو و ملک سلام کریں گے۔ جو چیز طلب کریں گے یا چاہت ہوگی وہ حاصل ہوگی۔ خلق خدا میں عزت ہوگی۔ خلق مطیع ہوگی پڑھنے کی جگہ اور وقت ایک ہی ہو۔

عمل الحب

بروز یک شنبہ سات کنکریاں نمک کی لیکر اُن میں ہر ایک پر سات سات مرتبہ اس آیت کو دم کرے۔ اس کے بعد دریا یا کنوئیں میں ڈال دیں اور سات یوم تک برابر اس طرح کریں۔ انشاء اللہ مطلوب تابع فرمان ہوگا۔ ہرگز حکم عدولی نہ کرے گا۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم قل یحییھا الذی انشاء ھا

اول مرة و هو بكل خلق عليم الذى جعل لكم من الشجر الاخضر نارا فاذا انتم منه توقدون الٰہی قلب فلاں بن فلاں میری محبت میں پانی کی طرح گھل جائے۔ رجال الغیب کا خیال رکھیں۔ پڑھنے کی جگہ اور وقت روزانہ ایک ہو۔

عمل الحب تنتر

یہ طلسم گنجینہ عملیات طلسمی سے لیا گیا ہے۔ بروز اتوار کے دن رنڈی یعنی طوائف یا حلال خوری یعنی چوہڑی یا تیلی مرے۔ جب اس کو گھر سے باہر لے جاتے ہیں۔ اس کی پالکی سے دو چاندی کے روپے سرہانے کی طرف پھینکے پھر اُن کو اٹھالیوے اور ننگا ہو کر لوبان یا دھوپ کی دھونی دے کے فوراً سنار کے پاس جائے۔ اُسے ڈھکنے والی چھوٹی سی ڈبیا بنادے۔ پھر اس ڈبیا کو جلد اس کی قبر کی طرف لے جائے اور اس پر رکھ کر کہہ دے کہ لے تیار کر آیا ہوں۔ قبر کی مٹی اس کے اندر بھر کر لے آئے۔ رات کو وہ تمہارے پاس آئے گی اور کہے گی کہ کیوں بلایا ہے۔ تم نے کہنا ہے کہ میرا فلاں کام ہے کر دو۔ غرضیکہ جب تک مٹی رہے گی کام دیگی پھر وہ مٹی پھینک دیں اب اپنے مطلوب کے دائیں پاؤں کی مٹی اس ڈبیہ میں ڈال کر بند کر دو۔ مطلوب ہر وقت آپ کے ہمراہ رہے گا۔ جب تک مٹی اس ڈبیہ میں رہے گی۔ جب مٹی اس ڈبیہ سے پھینکیں گے تو علیحدگی ہو جائے گی۔

عمل الحب

اس نقش کو نوچندی اتوار کو روز روشن میں زعفران اور مشک سے لکھ کر ایک گڑھا ایک بالشت گہرا ایک گوشہ مکان میں کھودے اور بر وقت دفن کر دے۔ اس نقش کی پشت پر مطلوب نام معہ والدہ اور طالب نام معہ والدہ لکھنے ہیں۔ نقش لکھنے کے بعد بمعہ نام وغیرہ لوبان کی دھونی ضرور دیں اور گڑھے میں دفن کرنے کے بعد ایک میخ آہنی اس میں گاڑ دیں جب تک نقش دفن رہے گا مطلوب مطیع رہے گا۔ نقش ذیل ہے۔

ع ع ع	ع ع ع ع	سو سو	صح صح	مارع م
[illegible]	[illegible]	م م م	۳۴	
۷۷	۸۳۹	۴ ھھ		

نقش کی پشت پر نام فلاں بن فلاں کو مجھ فلاں بن فلاں کی محبت میں بیقرار کر آرام نہ پائے۔

نقش الحب

ساعت مشتری یا زہرہ میں قلم انار شیریں بنا کر مشک یا زعفران سے لکھے۔ مگر باوضو ہو کر اور قدرے چینی منہ میں ڈالے۔ پھر بازو پر باندھے اور ایک نقش دھو کر مطلوب کو پلا دے۔ مگر حلال کیلئے کرے ہرگز خطا نہ کرے۔ حرام کیلئے اثر نہ کرے گا۔ اُلٹی نفرت ہوگی اور پشت پر عبارت لکھے۔ نقش معظم ذیل ہے۔ انشاء اللہ مطلوب حاضر ہو کر مطیع ہوگا۔ چال نقش یہ ہے۔

۱	۱۱	۱۲	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

نقش یہ ہے:

القیت	القیت	القیت	القیت
علیک	علیک	علیک	علیک
محبة	محبة	محبة	محبة
منی	منی	منی	منی

نقش کے نیچے فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں من ناس و من ناس من بخق من دون الله يحبونهم كحب الله والذين امنوا اشد حبا لله لکھیں۔ نقش لکھتے وقت قوائد وضوابط کا خیال رکھیں۔ رجال الغیب کو پشت پر رکھیں۔

عمل برائے زبان بندی دشمن

اتوار یا جمعرات کے روز دو کولیاں مٹی کی چھوٹی چھوٹی پاک وصاف باوضو ہو کر بازار سے خرید لائیں اور قیمت دیتے وقت اپنے دِل میں کہیں یا اللہ میرے دشمن کی زبان بند کر دو۔ دونوں کولیوں میں اپنے چولھے کی راکھ پُر کر کے کسی صندوق میں یا بلائے طاق پوشیدہ رکھ دیں۔ جہاں کسی آدمی کا سایہ نہ پڑتا ہو اور رکھتے وقت یہ پڑھے۔ صم صم صم بکم بکم بکم زبان فلاں بن فلاں دشمن کی بند کر دے۔ تصدق علی مرتضیٰ شیر خدا۔ اس کو ایک سو مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ زبان دشمن کی بند ہو جائے گی۔ جب کام ہو جائے تو راکھ نکال کر دریا میں ڈال دیں اور مٹھائی سے وہ کولیاں بھر کر نیاز دیں اور بچوں کو تقسیم کر دیں ناحق تماشہ نہ کریں جائز کام میں اجازت ہے مجرب و آزمودہ ہے۔

عمل الحب

عروج ماہ میں ساعت مشتری با طہارت قبرستان میں جائے اور 21 پھول گلاب کے ساتھ لے جائے۔ مگر 21 قبریں قطار میں ہوں اور اول درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر اور ساری الحمد شریف پڑھ کر اور ایک پھول قبر کے سرہانے رکھ دے۔ پھر اس طرح دوسری قبر پر رکھ دے۔ 11 مرتبہ درود شریف ایک دفعہ الحمد شریف ساری پڑھے۔ غرض 21 قبروں پر اس طرح کرے اور تمام پھول رکھ دے اور جب رکھ چکے تو آخیر قبر سے جہاں اکیسواں پھول پورا ہوا ہو پھر سات سات مرتبہ ساری الحمد ہر قبر پر پڑھتا آوے پھر جہاں پہلا پھول رکھا تھا وہیں سات مرتبہ الحمد شریف پڑھ کر اس پھول کو اٹھالاوے اور مطلوب کو سنگھا دے پھر دیکھئے محبت تا قیامت رہے گی اور اس پھول کو رکھ چھوڑے ضائع نہ ہونے دے اس پھول پر الحمد شریف پڑھ کر مطلوب کا نام معہ والدہ لے کر مطلوب کو کھلا دے یا پانی میں گھول کر پلادے مطلوب اس سے ایک لمحہ کیلئے جدا نہ ہوگا۔

عمل نمبر 2: اس عمل کو سیاہ گز پر تین مرتبہ پڑھ کر مطلوب کو کھلائیں مطلوب مطیع اور فرمانبردار رہے گا۔ جس وقت مطلوب کھائے گا دیوانہ ہوگا۔ عمل ذیل ہے۔

گرو تو گرنت تو جاری جگ بھونت تو کتر دیواؤں موڑ ماڑ فلانی دھاون هوادن نو روتا زها تهواله بکیاں سندر سندر اکھیاں. دس چند فلانی بن فلانی کا فلانے بن فلاں کی طرف آوے تو چھوتے نه ها تو هياله اوسدا بنا ٹورنی گورو کی سکت میری بھگت پھرو منتر السیری مهادیو هتنی کا بند سانچا کام چاهے تو الله کرے.

دیوالی کے دن 101 دفعہ پڑھ کر زکات ادا کر دیں روزانہ طاق دفعہ پڑھ کر مداومت رکھیں۔ یہ عمل اگلی دیوالی تک قائم رہے گا۔

عمل نمبر 3: نوچندی جمعرات یا اتوار کی شب شروع کرے۔ ایک عطر کا پھویا اور مٹھائی والا بیڑا پاس رکھے۔ پڑھتے وقت تصور مطلوب کا ازحد رکھے 101 مرتبہ بلا ناغہ پڑھے ناغہ نہ ہو۔ دین محمد صاحب بٹیالوی کا مجرب اور تجربہ شدہ ہے۔ انشاء اللہ 21 یوم کے اندر مطلوب حاضر ہوگا۔ یاد رکھئے ہرگز ہرگز فعل حرام کیلئے نہ کرے ورنہ نقصان ہوگا۔ نہ ہی کھیل تماشہ کے طور پر کریں۔ جائز مقصد کیلئے کریں جہاں شرع اجازت دے۔ جب مطلوب حاضر ہوگا اور محبت میں بے قرار ہوگا جب مطیع ہوگا تو وہ مٹھائی کا بیڑا اسے کھلا دیں اور عطر لگا دیں اگر صاحب عمل صدق دل سے عمل کرے تو ایک ہفتہ میں ورنہ 21 یوم کے اندر اندر مطلوب حاصل ہوگا۔ عمل یہ ہے۔

سن بے شیطان میرا کہنا مان پڑھے راویت فلاں کی چھاتی پر چڑھ بیٹھ جب لگ نہ دیکھے ہمارا مکھ نہ لگے بھوکھ نہ سوئے سکھ بحق یا بدوح یا بدوح۔

عمل نمبر 4: اگر بروز یک شنبہ نر و مادہ کنجشک کو جفتی کھاتے ہوئے دیکھئے۔ احتیاط رہے کہ اپنا سایہ ان پر نہ پڑے۔ ان کے سامنے لیموں کی لکڑی رکھ دے۔ پھر اس لکڑی کو اٹھا کر گھر میں محفوظ رکھے جس کو وہ لکڑی مارے گا تا دم مرگ جدا نہ ہوگا۔

اسباب النجات

☆ سید علی مقدس۔ ڈسکہ

اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ جس نے کائنات کی ہر مخلوق پر اپنی رحمت اور رحیمی ثابت کی ہے۔ اللہ کی ذات ایسی زبردست حکمت والی ہے کہ ایک انسان جس چیز کی طلب کرتا ہے اور وہ خالق کائنات کی حکمت سے اسے نہیں حاصل ہوتی تو انسان اللہ زبردست حکمت والے کی رضا سمجھ کر سجدہ شکر بجالانے کی بجائے اکثر اوقات خالق و مالک سے نا اُمید ہو جاتا ہے لیکن الحکیم الخبیر ایسا ہے کہ وقت آنے پر نا اُمید انسان کو یہ باور کرا دیتا ہے کہ یہ وجہ تھی کہ جس کی وجہ سے تو خواہش کے حاصل سے محروم کیا گیا اور بندہ بھی حالات و واقعات کے بعد یہ پکار اُٹھتا ہے کہ اے زبردست حکمت والے اللہ بے شک تو ہر چیز کے بھیدوں سے خوب واقف ہے بے شک میرا لا حاصل میرے لئے مضر تھا تو نے نہیں چاہا کہ میں فتنے میں پڑ کر سیدھے رستے سے بھٹک جاؤں مالک میری غلطی کو معاف فرما۔ مالک محمدؐ و آلِ محمدؐ کے صدقے میری خطائیں معاف فرما بے شک تو بڑا معاف کرنے والا ہے۔ آج کے دور میں ہر شخص پریشان ہے مگر اللہ کا کلام اور مقدس وظائف ادعیہ مجرب وغیرہ ہر پریشانی اور ہر مقصد کا سو فیصدی حل ہے۔ ہر شخص کو دعوت ہے کہ یہ اعمال بجالائے اپنی حاجات اللہ کے سامنے پیش کرے اپنے گھر کا ماحول اسلامی بنائے خود بھی نماز کا پابند بنے اور پھر دیکھے کہ محمدؐ و آلِ محمدؐ کے چاہنے والوں کی پریشانیاں بیماریاں کیسے آناً فاناً دور ہو جاتی ہیں۔

اشعار حضرت امیرالمومنینؑ

واضح ہو کہ یہ اشعار حضرت امیرالمومنین علیہ السلام کے ہیں

واسطے ہر مطلب عمدہ کیلئے سات روز سات سات مرتبہ تاثیر عجیب رکھتے ہیں۔ الختصر ایک شخص سے ایک جواہر کسی بادشاہ کا ٹوٹ گیا اس کو خوف اور اضطراب تھا کسی بزرگ نے اس کو تعلیم کیا کہ ان بیتوں کو صدق نیت اور اخلاص سے پڑھ جب اس نے بیتوں کا ورد کیا اسی اثناء میں بادشاہ کے کسی عزیز کو ایک عارضہ لاحق ہوا کہ اس کے علاج واسطے ان جواہر کے توڑنے کی ضرورت ہوئی۔ اس شخص نے بلا سے نجات پائی۔ اشعار یہ ہیں۔

وَكَم لِلّٰهِ مِن لُطفٍ خَفِيٍّ	يَدِقُّ خِفَاهُ عَن فَهمِ الزَّكِيِّ
وَكَم امرٍ تُشَاءُ بِهِ صَبَاحاً	وَتَاتِيكَ المَسَرَّةُ بِالعَشِيِّ
وَكَم يُسراً اَتىٰ مِن بَعدِ عُسرٍ	وَ فَرَّجَ كُربَةَ القَلبِ الشَّجِيِّ
اِذَا ضَاقَت بِكَ الاَحوَالُ يَوماً	فَثِق بِالوَاحِدِ الفَردِ العَلِيِّ
تَوَسَّل بِالنَّبِيِّ فَكُلُّ خَطبٍ	يَهُونُ اِذَا تَوَسَّلَ بِالنَّبِيِّ
وَلَا تَجزَع اِذَا مَانَابَ خَطبٌ	فَكَم لِلّٰهِ مِن لُطفٍ خَفِيٍّ

جمیع اہلِ اسلام سات شب روزانہ بعد نمازِ عشاء صرف سات مرتبہ یہ اشعار پڑھیں جس جائز مقصد سے بھی پڑھیں گے انشاء اللہ وسیلہ محمدؐ و آلِ محمدؐ کے ضرور بالضرور مقصد ہاتھ آئیگا۔ انشاءاللہ

شفائے امراض کیلئے

مکارم الاخلاق میں مسطور ہے کہ کسی فرزند نے جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے بیماری کا شکوہ کیا۔ حضرتؑ نے فرمایا اے میرے لڑکے پڑھ اَللّٰهُمَّ اشفِنِي بِشِفَائِكَ وَدَاوِنِي بِدَوَائِكَ وَ عَافِنِي مِن بَلَائِكَ فَاِنِّي عَبدُكَ ہر بیماری سے شفاء کیلئے مریض روزانہ بعد نمازِ فجر اول و آخر درود گیارہ گیارہ مرتبہ درمیان میں یہ دعا 72 مرتبہ پڑھے تا حصول کلی شفا یہ عمل جاری رکھے۔ چند یوم میں سلسلہ شفاء بے گمان شروع ہو جائیگی۔ انشاءاللہ

خیر و برکت کیلئے: دکان دار حضرات پرائیویٹ سکول چلانے والے فیکٹریوں کے مالکان وغیرہ حکمت سے وابستہ لوگ ڈاکٹر حضرات روزانہ بعداز فجر یا عشاء اول و آخر درود گیارہ گیارہ مرتبہ اور درمیان میں 100 بار یا عزیز یا وھاب کا ورد ہمیشہ کریں خلقت بے شمار آئے گی۔ رزق میسر آسکے گا۔ انشاءاللہ

حصول محبت کیلئے: کسی بھی فرد کو اپنی طرف مائل کرنے اور اس کی محبت حاصل کرنے کیلئے روزانہ بعد نمازِ فجر اول و آخر درود چودہ چودہ بار درمیان میں 200 بار یا ودود پڑھے اور محبوب کی خیالی صورت سامنے لاکر پھونک مار دے یہ عمل کئی بزرگان دین اور پیروں فقیروں کا عطا فرمودہ ہے اور زبردست عمل ہے۔

قوت حافظہ کا آسان عمل: روزانہ بعداز نمازِ فجر پانی کا گلاس بھرا ہوا لے کر یہ آیت رب یسر ولا تعسر 3 بار پڑھ کر پانی میں پھونک دے اور پی لیں حافظہ قوی ہوگا۔ حفاظِ قرآن عالمین اور طالب علموں کیلئے آسان و زبردست عمل ہے۔

نقش نادِ علیؑ برائے ہر جائز کام: نقش نادِ علیؑ سے سینکڑوں برس سے عامل اور عالم فیض پا رہے ہیں۔ یہ نقش نادِ علیؑ ہے اسے باوضو شرفِ قمر میں لکھ کر عطر لگا کر بازو پر باندھ لیجئے انشاءاللہ آپ بھی ہر مقصد میں اس کا فیض حاصل کریں گے اور بیماریاں دور ہونگی۔ نقش نادِ علی صغیر یہ ہے۔

۱۱۲۸	۱۱۳۲	۱۱۳۵	۱۱۲۱
۱۱۳۴	۱۱۲۲	۱۱۲۷	۱۱۳۳
۱۱۲۳	۱۱۳۷	۱۱۳۰	۱۱۲۶
۱۱۳۱	۱۱۲۵	۱۱۲۴	۱۱۳۶

مظہر العجائب جفر

☆......ازتحریر: منیر احمد میرانی۔ لاڑکانہ

قارئین روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت! ایسی لوح آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں جب انسان تمام کوشش اور منصوبے کر کے تھک جاتا ہے اور تمام تر جدوجہد کے باوجود صلہ نہیں ملتا تو بارگاہِ باری المالک الخالق کے آگے جھک جاتا ہے اور اس سے مدد کا طلبگار ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ کو واسطہ دیں پنجتن پاکؑ کا تو اس کی ہر مشکل حل و آسان ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ نے ساری کائنات کو پیدا کیا پنجتن پاکؑ کے صدقے میں جب کسی نبی کو مشکل پیش آتی تھی تو اس نے واسطہ دیا پنجتن پاکؑ تو اس کی مشکل اللہ تعالیٰ حل و آسان کرتا تھا۔ یہ علم جفر جو کہ آئمہ کا علم ہے اس کے ہزارہا قواعد ہیں جو کہ ہر اِک قاعدہ اپنی جگہ مسلمہ حقیقت ہے۔ یہ علم جفر کی لوح فتوحات برکت تحفظ کراماتی اثرات رکھتی ہے۔ جس سے امداد ربی فوراً آتی ہے اور بندہ کی حاجت قبولیت کے اسباب چند ہی دنوں میں بن جاتے ہیں۔ یہ لوح مجھے سید عبدالوحید شاہ بخاری جو باب الحکمت موندرلا کا نصیرآباد والے بزرگ سے عطا ہوئی تھی۔ یہ میرے سینہ کا ایک راز تھا جو آئینہ قسمت کی محبت میں ظاہر کر دیا۔ مجھے یقین ہے یہ لوح آپ کو ضرور پسند آئیگی۔ یہ لوح تندرستی وسعت رزق برکت دکان و مکان دشمنوں سے تحفظ مقدمات میں کامیابی اولاد نہ ہونا بری عادات ترک کرنا جن بھوت آسیب سحر جادو ادائیگی قرض بیرون

ملک روانگی شادی کا نہ ہونا انعامی بانڈ کا نکلنا وغیرہ ہیں تمام مسائل اور حاجات کا حل اس لوح میں پوشیدہ ہے۔اس لوح مبارک کو آپ شرف شمس یا قمر میں لکھیں یا اور ساعت شمس یا قمر میں لکھیں ایک لوح، مکان یا دوکان میں پلاسٹک کوٹنگ کرا کے لٹکا دیں۔مریض کو 61 دن تک عرق گلاب کیساتھ پلائیں۔نصرت وفتح کیلئے راس بازو پر باندھیں پھر مڑھوالیں۔لوح مبارک لکھنے سے پہلے 110 مرتبہ درود ابراہیمی، 110 مرتبہ سورۃ فاتحہ، 110 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر اس کا ثواب پنجتن پاک" سید عبدالقادر جیلانی اور شاہ زنجانی صاحب کے بزرگان اور سید عبدالوحید شاہ بخاری کے بزرگان کو بخش دیں۔پھر لوح مبارک مشک وزعفران اور عرق گلاب کے ساتھ لکھیں۔ لوح مبارکہ یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا حافظ — یا حفیظ

یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ

یا محمد یا محمد یا محمد یا محمد یا محمد یا محمد یا محمد یا محمد

ح	ا	ت	ف
۳۹۹	۱۸	۷	۲
۲۸	۳۹۸	۳	۱
۴	۹	۲۱	۳۹۷

فتحک لی یا مفتاح الابواب

نعم المولیٰ نعم

یا فتاح یا فتاح

یا رزاق یا رزاق

مجیب الدعوات والاکرام

جبرائیل

الم العین	المص	حمعسق	کھیعص
نعم مولی	حم مصصی	الرا	یس سمتی
طہ اللہ معین	مجید اللہ	طس ملک	طسم سبحان
ن علی	ق لطیف	ص	اللہ باری

ق والقرآن المجید والقلم ما یسطرون

قول من رب رحیم

وانا لہ لحفظون

م	ا	ل	س
۳۲	۴۱	۳۹	۳۱
۴۲	۳	۲۸	۳۸
۲۹	۳۷	۴۳	۲

یا فاطمہ یا فاطمہ یا فاطمہ یا فاطمہ یا فاطمہ یا فاطمہ یا فاطمہ یا فاطمہ


یا حسین یا حسین یا حسین یا حسین یا حسین یا حسین یا حسین

یا حسن یا حسن یا حسن یا حسن یا حسن یا حسن


یا رقیب — یا وکیل

عمل نمبر 2 :الحمد اللہ رب کریم نے طاقت دی جس کی وجہ سے ابوالائمہ حضرت علی علیہ السلام کے ناموں سے عمل لکھ رہا ہوں۔اس بار اس عمل کے ساتھ حاضر ہوں جو لوگ دماغی امراض میں مبتلا ہوں' پاگل پن ہو' دماغ میں رسولی ہو' قوت حافظہ بہت کمزور ہو' سر کے بال کمزور ہو کر گر جاتے ہوں' بال جھڑ کی تکلیف ہو الغرض گردن سے لیکر سر تک جملہ امراض کے لئے شافی روحانی علاج ہے۔اسماء پاک مولا علی علیہ السلام کے ناموں سے علاج پرتاثیر کے لئے اگر جو لوگ ڈر و خوف سے پریشان ہوتے ہوں ان کو سکون نہ ملتا ہو۔اگر کسی کے ہاتھ میں لرزہ پیدا ہوتا ہے کسی وزن دار چیز کو اٹھاتے وقت اس کے لئے آب حیات ہے یا جس کی زبان میں (الکنک) طوطلہ پن ہوتا ہے اس کے لئے شفا ہے یا جن کی آنکھوں میں درد یا اندھا پن ہونے کا خطرہ ہے اس کے لئے نعمت سے کم نہیں۔مولا علی علیہ السلام کے نام اسد اللہ' لسان اللہ' عین اللہ' ید اللہ وجیہہ اللہ سے اعداد قمری نکال کر نقش پنجتن پاک لکھیں۔شرف شمس یا اتوار کی صبح پہلی ساعت میں سفید کاغذ پر مشک زعفران کی سیاہی سے لکھیں۔پانچ عدد لوح عرق گلاب میں ڈال کر پلائیں' ایک تعویذ کو پانچ دن۔دن میں پانچ مرتبہ آتشی چال وال پلائیں اور لوح لکھیں بادی چال سے اس کو گردن میں باندھیں تو مولا علی علیہ السلام کے صدقے شفاء ضرور ملے گی۔محبان علی علیہ السلام والوں کے لئے خصوصی انمول تحفہ قبول ہو۔سید انتظار حسین شاہ اور مجھ عاجز کو دعائے خیر میں ضرور یاد رکھیں۔اب لوح کی ترتیب کی طرف آتے ہیں۔


ترتیب و تیاری لوح :۷ نام حضرت علی علیہ السلام کے اعداد قمری نکالیں۔اسد اللہ' عین' لسان اللہ' ید اللہ' وجیہہ اللہ اعداد قمری کا مجموعہ اعداد ۷۰۹۔۴=۷۰۵÷۳=۲۳۵ ایک ایک کا اضافہ کریں۔اگر ایک بچا تو نقش درست آئیگا۔اگر دو بچا تو ۴ خانے میں ایک کا اضافہ اگر صفر بچا تو ۴ خانے میں اعداد وہی آئیگا جو خانہ نمبر ۳ میں ہے تو نقش درست آئیگا۔




بادی چال



نقش یہ ہے۔



آتشی چال



دست غیب کا قرآنی عمل

☆......ازتحریر: عامل نیر عباس علوی۔لاہور

۷۸۶

بحق یا جبرائیل یا رزاق

۱۳۵۳	۳۶۱۸	۴۵۱
۳۱۶۷		۲۲۵۵
۹۰۲	۱۸۰۴	۲۷۱۶

بحق یا عزرائیل یا رزاق — بحق یا اسرافیل یا رزاق

بحق یا میکائیل یا رزاق

نقش کی چال

۳	۸	۱
۷		۵
۲	۴	۶

اللھم ربنا انزل علینا مآئدة من السماءِ تکون لنا عید الاولنا و اخرنا و ایة منک و ارزقنا و انت خیر الرازقین٥

ترجمہ: اے اللہ ہمارے رب اتار ہم پر خوان بھرا ہوا آسمان سے کہ وہ دن عید رہے ہماری پہلوں اور پچھلوں کے واسطے اور نشانی ہو تیری طرف سے اور روزی دے ہم کو بے شک تو بہترین رزق دینے والا ہے۔

اس سال میرے ملنے والے کثیر احباب نے بندش رزق و کاروبار کے سلسلے میں روحانی تعاون مانگا۔ جب ہر شخص کو رزق کے سلسلے میں پریشان دیکھا تو میں نے مرشد کامل جناب سید یوسف علی نقوی کے فرمان کے بموجب روحانی استخارہ کیا۔ مسلسل عمل استخارہ سے بالآخر مجھے بذریعہ خواب پریشان حال مخلوق خدا کیلئے سورۃ مائدہ کی آیت نمبر۱۱۴ کا عمل عطا ہوا جسے کرنے کے بعد بہت سے احباب نے کامیابی حاصل کی۔ مرشد کی اجازت اور جناب شہزادہ سید انتظار حسین زنجانی کی مہربانی سے آپ تک وہ عمل پیش کیا جا رہا ہے۔ جو احباب اس عمل روحانی سے مستفیض ہوں وہ جناب شاہ زنجانی صاحب اور میری والدہ کے حق میں دعائے خیر ضرور فرمائیں۔

ترکیب زکات: آیت مبارکہ کو 40 یوم تک 313 مرتبہ خلوت میں بیٹھ کر پڑھیں۔ ہر وقت باوضو رہیں۔ بارگاہِ خداوندی میں اپنے رزق کی غیبی مدد کیلئے دعا کریں۔ انشاء اللہ 40 یوم میں ''دست غیب'' شروع ہو جائیگا۔ بس آپکی ضرورت کے موافق کہیں نہ کہیں سے پیسوں کا بندوبست ہو جایا کریگا۔ ان پیسوں کے متعلق کسی شخص سے بھی ذکر نہ کریں ورنہ دست غیب بند ہو جائیگا اور آئندہ کیلئے عمل کارگر نہ ہوگا۔

نیاز عمل: دورانِ عمل روزانہ کسی فقیر کو ایک روٹی باوضو پکا کر اوپر گڑ کی ڈھیلی رکھ کر خیرات کر دیں۔

پرہیز: دورانِ عمل ہر قسم کے جھوٹ فریب، جماع، فعل بد اور کسی مظلوم پر ظلم نہ کریں۔ ہر وقت باوضو رہیں۔

بعد زکات عمل: روزانہ صبح و شام صرف 7 مرتبہ پڑھ کر اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر آسمان کی جانب پھونک دیں۔

نقش کی زکات: مرشد کی خصوصی کرم نوازی سے اس عمل کا خصوصی نقش بھی ترتیب دیا گیا ہے جو واقعی مجرب ثابت ہوا ہے۔ جو احباب پرہیز اور پڑھائی نہ کر سکیں وہ اس نقش کو صرف (66) مرتبہ بمطابق چال 40 یوم تک پاکیزہ ہو کر رجال الغیب کو پشت پر رکھ کر زعفران سے اگربتی جلا کر اس نقش کو تحریر کریں اور درمیان میں تحریر کریں۔ بطفیل چہاردہ معصومینؑ دست غیب عطا ہو۔ اور اِن نقوش کو آٹے کے پیڑے میں بند کر کے پاکیزہ آب رواں میں بہا دیں۔ انشاء اللہ 40 یوم میں دست غیب شروع ہو جائیگا۔ آخری یوم 67 نقوش تحریر کریں۔ آخری نقش با اصلاح ہو۔ اسے چاندی میں بند کر کے گلے/بازو پر باندھ لیں۔ جب تک یہ نقش آپ کے پاس رہیگا مال و دولت کی آمد رہیگی۔ گم ہونے کی صورت میں دوبارہ عمل کرنا پڑے گا یا پھر مرشد سے رجوع کریں۔

عمل استخارہ برائے عمل دست غیب

جو احباب اس عمل کو کرنے کا ارادہ فرمائیں وہ اجازت لیں۔ خود یہ عمل کریں یا پھر ہم سے نقش استخارہ لیکر خصوصی استخارہ کریں۔ جس سے پتہ چلے گا کہ آیا آپ کو قدرت اپنے خاص خزانۂ غیب سے ''دست غیب'' عطا فرمائے گی یا نہیں۔

ترکیب استخارہ: پہلے دن روزہ رکھیں اور افطاری کے بعد (1100) مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس استخارہ کو (812) مرتبہ اول و آخر 11 مرتبہ درود شریف پڑھ کر رومال پر دم کریں اور اسکے کونے کو گانٹھ لگا کر سرہانے رکھیں اور باوضو سو جائیں۔ انشاء اللہ بذریعہ خواب آپ کو اجازت ملے گی یا پھر کچھ بھی دکھائی نہ دے گا لہٰذا صبر کریں۔ استخارہ کا عمل یہ ہے۔

یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ هٰذَا لٰان۔ خبر پهنچا دستِ غیب کي بحَقِّ یَا خَبِیْرُ.

شرف مریخ یا ساعت مریخ

☆......ازتحریر: درویش باوا جاوید جعفری۔ لاہور

مریخ انسان کی فزیکل قوت، ہمت، جرأت اور مہم بازی سے وابستہ ہے۔ اس کے چند مجرب اعمال پیش خدمت ہیں۔

فتح و کامیابی: اگر کوئی دشمن ہے یا کسی مخالف پر فتح مقصود ہے یا مقدمہ میں دشمن پر غلبہ حاصل کرنا ہے تو جس شخص کے پاس یہ لوح ہوگی اس کا مقابلہ کرنے والا ہمیشہ ذلیل و خوار ہوگا اور اس پر یعنی حامل لوح پر

دشمن کبھی غلبہ نہ پا سکے گا۔ جو شخص چاہے کہ اس پر مشکلیں آسان ہوں خواہ کتنے ہی مصائب میں گھرا ہوا ہو۔ مریخ کی قوت سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ آیت "انا فتحنالک فتحنامبینا" کے اعداد نکال کر اس میں اپنا نام معہ اسمِ مادر کے اعداد شامل کر کے مربع نقش میں دی گئی رفتار کے مطابق سرخ روشنائی سے لکھے۔ آیت کے اعداد ۱۲۳۳ ہیں اس نقش کے چاروں طرف چار دفعہ آیت مذکور بھی لکھئے انشاء اللہ مخالف خوف کھاتے رہیں گے اور کبھی کامیاب نہ ہو سکیں گے۔ رفتار نقش یہ ہے۔

۱۵	۴	۵	۱۰
۶	۹	۱۶	۳
۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸

مثلاً آپ نے کسی ایک شخص کی لوح تیار کرنی ہے تو آپ سب سے پہلے آیت کے اعداد لیں اُن اعداد میں اُس شخص کے اعداد معہ اعداد اسم مادر جمع کریں کل اعداد میں سے قانون کے **30** اعداد نفی کریں بقیہ اعداد کو **4** پر تقسیم کریں بعد از تقسیم اگر باقی ایک بچے تو خانہ نمبر **13** میں اگر **2** بچے تو خانہ نمبر **9** میں۔ اگر **3** بچے تو خانہ نمبر **5** میں ایک ایک کا اضافہ کرتے جائیں۔ اگر بعد از تقسیم کچھ نہ بچے تو کسی خانہ میں اضافہ کرنے کی ضرورت نہ ہے۔ لوح درج ذیل طریقہ سے تیار کریں۔

فرض کریں اعداد اسم مطلوب	=	**152**
اعداد اسم قادر مطلوب	=	**1015**
اعداد آیت پاک	=	**1233**
کل اعداد	=	**2400**
قانون کے نفی کئے	=	**30**
باقی اعداد بچے	=	**2370**

ان اعداد کو **4** پر تقسیم کیا تو حاصل تقسیم یہ ملا **592/2**- یعنی بعد از تقسیم **2** بچا۔ خانہ نمبر **9** میں ایک عدد کا اضافہ ہوگا۔ لوح یہ تیار ہوگی۔

۷۸۶

اِن فتحنا لک فتحاً مبیناً

۶۰۷	۵۹۵	۵۹۶	۶۰۲
۵۹۷	۶۰۱	۶۰۸	۵۹۶
۶۰۴	۵۹۸	۵۹۳	۶۰۵
۵۹۲	۶۰۶	۶۰۳	۵۹۹

(2) قوت بدنی

(2) قوت بدنی : وہ لوگ جن کے اندر قوتِ مردانہ اور امساک کی کمی ہے اُن کو چاہئے کہ اپنا نام معہ والدہ کے اعداد اِن میں حروف ج دغ کے اعداد ملا کر ۱۶۳۱ کا اور اضافہ کریں اب ان کو ۲۸ پر تقسیم کریں جو باقی بچے اس کے حروف بنا کر آگے لفظ طیش لگا لیں اور اس کو لوہے کی انگشتری پر کندہ کر لیں بوقت حاجت اس کو پہن لیں تو خون میں قوت بدن میں چستی مردہ رگوں میں جوش پیدا ہوگا۔ کسی دوا کے کھانے کی ضرورت نہ ہوگی۔

کمی خون اور کمزوری جسم : اگر کسی وجہ سے بدن میں نقاہت ہو' باوجود دوائیں کھانے کے جسم کمزور ہوتا جا رہا ہو اور ہر وقت صحت کیلئے فکرمند رہتے ہوں یا بیماری کے بعد کمزوری نہ ہٹے تو اپنا نام معہ والدہ کے اعداد میں حرف ''غ'' اور موکل ''لوخائیل'' کے اعداد ملا کر ایک نقش مربع آتشی سرخ روشنائی سے لکھیں اوپر موکل کا نام لکھیں اور پہن لیں۔ بدن' دِن بدن طاقت پکڑتا جائیگا۔ بالآخر صحت مندی قابل رشک حاصل ہو جائیگی۔

شوگر (ذیابطیس) کے مریضوں کیلئے فقیری تحفہ

☆......از تحریر: این اے قریشی۔ سانگھڑ

پاکستان میں ذیابطیس (خون میں گلوکوز کی زیادتی) کا مرض بڑھ رہا ہے۔ اس مرض میں مریض کے خون میں انسولین کے بننے کا عمل متاثر ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے مریض کے خلیات میں گلوکوز کی زیادتی ہوتی ہے اور مریض بے ہوشی کی حالت میں چلا جاتا ہے۔ اگر بروقت انسولین مریض کو نہ دی جائے تو مریض مر بھی سکتا ہے۔ اس مرض کے شکار لوگ خدا کی دی ہوئی کئی نعمتوں سے محروم ہو جاتے ہیں نہیں لوگ کوئی میٹھی چیز کھا سکتے ہیں کہ پرہیز علاج سے بہتر ہے۔

میرا تعلق صحت کے محکمہ سے ہے روز ایسے مریضوں سے واسطہ رہتا ہے جن کی بے بسی پر دِل سے دُعا نکلتی ہے کہ یا اللہ ان کو اس مرض سے نجات دلا۔ آمین۔

یہ بات تو ہر صاحب علم جانتا ہے کہ قرآن پاک میں ہر مرض کا علاج موجود ہے۔ صرف اس کے استعمال کا طریقہ صحیح ہونا چاہئے۔ انشاء اللہ شفا ملتی ہے۔ اس سلسلے میں ایک فقیر کا دیا ہوا یہ تحفہ ان کی اجازت سے خدمت خلق کیلئے آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں جن کو اس سے فائدہ ہو وہ میرے اور اس نیک مرد کے حق میں دعائے خیر کریں۔ یہ دو یوم کا عمل ہے جس کو یہ مرض لاحق ہو وہ پاک صاف باوضو ہو کر یہ عمل کرے۔ پہلے دِن اپنے اُلٹے بازو (بائیں بازو) پر

812 کا عدد لکھے اور 13 مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے پھر 212 کا عدد لکھے اور 13 مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے پھر 44 کا عدد لکھے اور 13 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے پھر 30 کا عدد لکھے اور 13 رتبہ درود ابراہیمی پڑھے۔ یہ ایک دن کا عمل مکمل ہوا پہلے دن 10 روپے کی مٹھائی بچوں میں تقسیم کریں۔ دوسرے دن پھر اُسی ترتیب سے یہ عمل کرنا ہے یعنی اُلٹے بازو (بائیں بازو) پر انگلی سے 812 کا عدد لکھنا ہے اور 13 مرتبہ درود ابراہیمی پڑھنا ہے پھر 212 کا عدد لکھنا ہے اور 13 مرتبہ درودِ ابراہیمی پڑھنا ہے۔ پھر 66 کا عدد لکھنا ہے اور 13 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھنی ہے پھر 30 کا عدد لکھنا ہے اور 13 مرتبہ درودِ ابراہیمی پڑھنا ہے۔ دوسرے دِن آدھا کلو بکرے کے گوشت کا صدقہ دیں۔ یہ اس عمل کی زکوٰۃ ہے۔ انشاء اللہ آپ کو فائدہ حاصل ہوگا۔ عمل کرنے سے پہلے خون ٹیسٹ کرالیں پھر عمل کے بعد ٹیسٹ کرائیں۔ آپ کو خود اس عمل کی صداقت کا اندازہ ہو جائے گا جو حضرات گیس اور معدے کی تیزابیت میں مبتلا ہیں وہ بھی فقیری پھکی حاصل کریں۔

لوح حل المقاصد

☆......از تحریر: میاں جاوید اقبال۔ بدوملہی

آفتاب بارہ بروج میں سے تقریباً ایک سال میں گزر جاتا ہے۔ جب پیدائش زمین ہوئی تھی اور سورج کا قیام قدرت نے اس وقت اس کی پہلی چمک برج اول یعنی حمل کے درجہ اول پر وقوع پذیر ہوئی تھی اور بعد ہر سال ایک دن یہی وقت آتا ہے۔ جو بہت ہی مبارک وقت گردانا جاتا ہے۔ اس کا دوسرا نام نوروز شمس بھی ہے۔ جبکہ اہل ایران اسے جشن جمشیدی کے نام سے یاد کرتے ہیں اور اس کا خاص اہتمام کرتے ہیں۔ جبکہ اکثر منجمین اس دن اپنے پورے سال کا حساب تیار کرتے ہیں اور جفار اسی روز پورے سال کی تاثیر رکھنے والے عمل و نقوش تیار کرتے ہیں اور بے شمار فوائد کے علاوہ لاکھوں روپیہ اس کے ذریعے کماتے ہیں۔ اسی مبارک وقت میں عمل دست غیب بھی تیار ہوتا ہے۔ بعض متلاشیان علم اس وقت میں حروف و آیات و دیگر نقوش کی زکات بھی ادا کرتے ہیں جو ایک عرصہ قائم رہتی ہے۔

قارئین محترم! اللہ تعالیٰ نے وقت میں تاثیر ضرور رکھی ہے۔ کوئی مانے یا نہ مانے اس سے قانون قدرت میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔ اگر وقت کی اہمیت نہ ہوتی تو نماز ادا و قضا نہ ہوتی۔ میرے عزیزو! عصر حاضر میں وقت سمٹ رہا ہے۔ ہر شخص کی خواہش ہے ہر چیز اُسے بنی بنائی تیار مل جائے۔ اس ضمن میں اگر ہم کہہ دیں کہ بھئی یہ لوح ہے آپ یومیہ کچھ ورد کر لیں۔ جو صاف جواب یہ ہوتا ہے کہ بڑا مشکل ترین کام بتا دیا۔ آپ چاہے مزید پیسے لے لیں لیکن یہ ورد و درود خود فرما دیں۔ یہ تو ہمارا المیہ ہے بلکہ زمینی حقائق ہیں۔ جس سے انکار ممکن نہیں۔

آج کی بزم میں ایک نہایت قیمتی عمل آپ کو ہدیہ کر رہا ہوں جو عمل دست غیب ہے۔ یہ قدرت کا معجزہ ہے کہ صحیح وقت اور صحیح طریقہ پر تحویل آفتاب میں تیار کردہ عمل زود اثر ہونے کے علاوہ دیرپا ہوتا ہے اور جو اثر اس کے ذریعے پڑھا ہو وہ پھر ختم نہیں ہوتا۔ مثلاً ایک شخص نے وسعت رزق کیلئے عمل دست غیب تیار کروایا تو یقیناً اس کے رزق میں غیبی طور پر اضافہ ہونے لگے گا اور تمام زندگی ہوتا رہیگا۔ بشرطیکہ عمل کے تقدس کو کوئی زک نہ پہنچے۔ عمل قبل از وقت تیار کرلیں کیونکہ تحویل کا ٹائم نہایت قلیل ہوتا ہے۔ ہمیں اکثر احباب شکایت کرتے ہیں کہ تحویل کا عین وقت پتہ ہی نہ چل سکا اور وقت گزر گیا ان کی خدمت میں عمل اخروٹ لکھ رہا ہوں۔ پھر لوح مبارکہ لکھیں گے۔

عمل اخروٹ: نوروز عالم افروز کے دن یعنی 21 مارچ کو جاء پاک پر ظرف پاک میں آب طاہر لیکر ایک کاغذی اخروٹ کو پاک کر کے اس پانی پر چھوڑ دیں اور آفتاب در برج حمل سے کچھ پہلے اول 5 یا 7 مرتبہ درود پڑھیں۔ پھر 5 مرتبہ نادِ علیؑ اور پھر 366 مرتبہ یا محول الحول والاحوال حول حالنا الی احسن الحال پڑھیں۔ (یاد رکھیں یہ عمل اتنا پہلے پڑھیں کہ عین وقت پر ختم ہو جائے) تو عین تحویل کے وقت اخروٹ گھوم جائیگا۔ اس وقت عزت مرتبت دولت کاروبار کی ترقی اور محبت کا عمل کرنا چاہیں فوراً کریں۔

لوح حل المقاصد: عمل سے قبل 3x2 کی سوا تولہ چاندی کی پٹی تیار کروالیں۔ عین وقت اپنی قلم یا کیل سے لوح کندہ کریں۔ بخور شمس روشن کرلیں۔ سرخ جائے نماز میسر ہو تو انسب ہے۔ نقش نوروز کیلئے ہم نے اللہ تعالیٰ کے 9 اسماء خاص لئے ہیں۔ ذرا عقل سلیم پر زور رکھیں ہم وضاحت کرتے ہیں۔ مثلث آتشی چال سے باری تعالیٰ کے یہ نو اسماء پر کریں۔ یا رحمان' یا رحیم' یا علیم' یا حفیظ' یا حیّ' یا قیوم' یا فتاح' یا رافع' یا ہادی بمعہ اعداد شمس ان کیساتھ موکل خانہ یائے مثلث بھی درج کریں (میں نے عمل میں دانستہ اعداد قمری لئے ہیں) مثلث کی پشت پر اپنا نام بمعہ والدہ درج کریں یہ نقش تحویل کے وقت لکھ لیں نقش کو کستوری سے معطر کریں۔ دوسرے دن ناموں کو بمعہ موکل خانہ ہائے مثلث عزیمت بنا کر ایک سوا ایک مرتبہ ورد کریں۔ 21 دن تک پھر نذر مولائے کائنات دلوا کر لوح کو اپنے پاس کاروباری جگہ یا بریف کیس و

پرس میں رکھیں۔ پھر آئندہ سال عزیمت کا عمل کرتے رہیں۔ انشاءاللہ سارے سال میں ترقی ملازمت' عزت کے علاوہ دست غیب اور بے شمار فوائد حاصل ہونگے۔ چال نقش یہ ہے۔

٨	١	٦
٣	٥	٧
٤	٩	٢

نقش یہ ہے:

یا رافع ۳۵۱ یا حططهائیل	یا رحمن ۲۹۸ یا اططهائیل	یا قیوم ۱۵۶ یا وططهائیل
یا علیم ۱۵۰ یا جططهائیل	یا حی ۱۸ یا هططهائیل	یا فتاح ۴۸۹ یا زططهائیل
یا حفیظ ۹۹۸ یا دططهائیل	یا هادی ۲۰ یا ططططهائیل	یا رحیم ۲۵۸ یا بططهائیل

عزیمت یہ ہے: **یا رحمن بحق اططهائیل یا رحیم حق بططهائیل یا علیم بحق جططهائیل یا حفیظ بحق وططهائیل یا حی بحق هططهائیل یا قیوم بحق وططهائیل یا فتاح بحق زططهائیل یا رافع بحق حططهائیل یا هادی بحق ططططهائیل۔**

پڑھتے وقت کسی قسم کا پرہیز پابندی نہیں روزانہ جو وقت مل سکے **101** مرتبہ ورد کریں۔

نوٹ: یہ عمل ایک قدیم قلمی نسخہ سے لیا گیا ہے۔ جو احباب بنائیں گے اس کے اثرات خود ملاحظہ فرمائیں گے گو کہ وفق وغیرہ میں بعض تنقید کر سکتے ہیں لیکن یہ عمل میرا نہیں لیکن تاثیر سے انکار بھی ممکن نہیں۔ اس لئے میں یا ادارہ آئینہ قسمت چشم براہ ہیں۔

لوح تسخیر

کا بے مثل روحانی تحفہ

کسی کے قلب کو تسخیر کرنا مشکل ترین عمل ہوتا ہے جس کے لئے عاملین بے حد محنت کرتے ہیں۔ عرصۂ قدیم سے علماء اعداد و روحانیت زہرہ کے سعد ترین وقت سے کام لیتے رہے ہیں۔ اگر تمام قواعد و ضوابط اور درست وقت میں لوح تسخیر تیار ہو جائے تو تمام عمر خلائق خدا اس کی مسخر رہے گی۔ کیونکہ زہرہ کے عین اوقات میں کیا گیا عمل کامل تسخیر ہوتا ہے۔ ستارے بحکم خدا اثر رکھتے ہیں۔ ان کی سعد یا نحس شعاعیں عالم سفلیہ پر اثر انداز ہوتی ہیں اور کائنات میں تغیر و تبدل ہوتا ہے۔ بزم امروز میں ایک تجربہ شدہ عمل ہدیہ کر رہا ہوں انشاءاللہ تعریف کئے بغیر نہ رہ سکیں گے۔ طریقہ یہ ہے کہ اگر مرد کی تسخیر ہے تو آیت "**والهكم اله واحد لا اله الا هو الرحمن الرحيم**" کے اعداد ۸۸۵ نام طالب و مطلوب بمعہ والدہ لے کر مربع آتشی پر کریں۔ اگر عورت کی تسخیر مطلوب ہے "**والقيت عليك محبة مني ولتصنع على عيني**" کے اعداد ۲۱۲۳ لیکر مذکورہ طریق پر نقش پر کریں اور روحانیت مزید بڑھانے کیلئے اطراف میں چار اسماء ضرور لکھیں یعنی اوپر **یاکفیالیوش** نیچے **یا مستعلموش** دائیں **طهالموش** بائیں **یاغملیوش** ہونگے۔ یہ لوح جب تک پاس رہے گی مطلوب مسخر و مطیع رہے گا۔ نقش پر کرنے کا طریقہ تو سب کو آتا ہے جس کی وضاحت ضروری نہیں۔

شرف زہرہ سے قبل تانبا چاندی اور سکہ مخلوط کروا کر لوح **2x3** تیار کروائیں اور زہرہ کی ساعت میں عمل تیار کریں۔ بخور زہرہ رجال الغیب و دیگر قواعد کو ملحوظ رکھیں۔ انشاءاللہ کامیاب ہونگے۔ مذکورہ بالا عمل کی مثال سے قبل ایک باریک سا نقطہ کامیابی عیاں کرنا چاہونگا آپ کسی بھی آیت جو تسخیر کا درجہ رکھتی ہو مکمل با اجازت زکات ادا کریں۔ نقوش کی مکمل ریاضت کریں اور کوئی سے ایک عمل پر گرفت مضبوط کرلیں۔ پھر وہی عمل تمام عمر بالخصوص آپ کیلئے اور بالعموم دوسروں کیلئے تسخیر میں فوری اثر دیگا۔ بلاشبہ آئینہ قسمت میں بموقع اوقات سیارگان ان گنت عملیات ہوتے ہیں جو مؤثر بھی ہوتے ہیں جو دیگر عاملین کے مجربات ہوتے ہیں لیکن ان میں ان کی ریاضت ہوتی ہے تب جا کر وہ اپنے عمل کو مجرب قرار دیتے ہیں۔ عملیات کا کام بےحد نازک ہے اسے کھیل یا مشغلہ نہ سمجھیں گویا لوہے کے چنے ہیں جو ہر کس ناکس کا کام نہیں۔ کیا وجہ ہے کہ کئی لوگ تمام عمر عملیات کیلئے سرگرداں رہتے ہیں جبکہ بعض صرف ایک عمل سے روحانی دولت پر راج کرتے ہیں کیونکہ ان کے پاس صبر اور مزید عملیات کی ہوس نہیں ہوتی یقین کے بستر پر صبر کا تکیہ لگا کر سکون پاتے ہیں۔ اتنا لکھنے کا مطلب ہے کہ روحانیت کی ابجد سے چلیں اور نقل در نقل یا کتابی عملیات سے ہٹ کر خالصتاً اصولی ریاضت کریں۔ عملیات کی کتب تو اس قدر دستیاب ہیں کہ اگر اونٹ پر رکھ دی جائیں تو اونٹ بیٹھ جائے گا۔ عملیات کی اثر پذیری کیلئے کیا کچھ ضروری انشاءاللہ پھر کبھی لکھوں گا۔ اب عمل کی مختصر سی مثال پیش کرتا ہوں۔ نہایت مجرب اور باقوت نقش ہے۔ آزمائیں اور احقر وشاہ زنجانی صاحب' زنجانی برادران اور ادارہ کیلئے دعا فرمائیں۔

ہم ایک مرد کو تسخیر کرنا چاہتے ہیں تو اس کیلئے عمل یہ بنے گا۔

نام طالب محمد سلمان بن ثروت زہرہ = 1592

والھکم الہ واحد لا الہ الا ھو الرحمن الرحیم" = 885

نام مطلوب محمد بن مریم = 382

کل مجموعہ 2859-30=2829÷4=707

باقی 1 کسر خانہ نمبر 13۔ چال نقش یہ ہے:

٨	١١	١٤	١
١٣	٢	٧	١٢
٣	١٦	٩	٦
١٠	٥	٤	١٥

نقش یہ ہے:

۷۸۶

یا کفتیالیوش

۷۱۴	۷۱۷	۷۲۱	۷۰۷
۷۲۰	۷۰۸	۷۱۳	۷۱۸
۷۰۹	۷۲۳	۷۱۵	۷۱۲
۷۱۶	۷۱۱	۷۱۰	۷۲۲

یا مستعلموش

بعد از تیاری نقش بوقتِ ضرورت بازو پر باندھ کر ملاقات کریں انشاء اللہ مطلوب مسخر ہوکر تابعدار رہیگا۔ یہی نقش اگر مکمل عزیمت موکل سے تیار شدہ ہو تو اگر کسی کا پیارا سات سمندر پار بھی ہو تو اس عمل کی قوت روحانی اُسے مقناطیسی کشش سے کھینچ لاتی ہے۔ پھر وہ کبھی بھی سرتابی نہ کر سکے گا۔ یہ روحانی جواہر ہیں اس کی قدر صرف روحانی معرفت والا ہی کر سکے گا۔ عام آدمی دقیانوسی خیالات کرتے ہوئے محض توہم پرستی کی نذر کردیگا۔ خدا آپ کا حامی وناصر ہو۔

سورۃ اخلاص باموکل ولوح تقدیر اکبر

☆......از تحریر: محمد اسد اللہ سلیمانی۔ جھنگ

قارئین آئینہ قسمت کی خدمت میں سورۃ اخلاص باموکل اور لوح تقدیر اکبر پیش کر رہا ہوں۔ یہ میرے سینے کا راز ہے جو میں آئینہ قسمت میں لکھ رہا ہوں۔ اس کے ہزاروں لاکھوں فوائد ہیں۔ یعنی آپ اسے ہر مقصد کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔ مثلاً حصول مال و دولت کیلئے' میاں بیوی میں محبت بڑھانے کیلئے' انعامی سکیموں میں کامیابی کیلئے' حصول ملازمت' مصائب اور تفکرات سے چھٹکارہ کیلئے' حصول اولاد' مقدمات میں فتح یابی' شفائے امراض' حفظ وامان کیلئے' سحر وجادو ٹونہ' بدنظر' سایہ' آسیب سے حفاظ کیلئے' فتوحات وخوشحالی کیلئے' حصول علم وروحانیت' سیاسی استحکام' مرتبت میں اضافہ' رہائی از قید' ویزہ سفر' استحکام حکومت' دل پسند شادی' نجات دشمن وقرض' ڈوبی ہوئی رقم لینے کیلئے' تسخیرات وحاضرات میں کامیابی کیلئے اس کے علاوہ بے شمار مقاصد کے لئے مندرجہ ذیل صدری واسراری عمل سے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ مگر پہلے اس عمل کی زکوٰۃ ادا کرنا ضروری ہوگا۔ جس کا طریقہ تفصیل سے بیان کیا جارہا ہے۔

طریقہ زکواۃ: عروج ماہ ثابت میں جمعرات کے روز ساعت مشتری میں علیحدہ پاک وصاف کمرہ میں عامل وضو کرکے داخل ہو جائے اور خوشبودار بخور روشن کرے۔ اب رجال الغیب پشت پر رکھ کر اپنے اردگرد آیت الکرسی و چاروں قل شریف تین' تین مرتبہ پڑھ کر حصار کرے۔ پھر اول وآخر 110-110 مرتبہ درود شریف کے ساتھ مندرجہ ذیل سورۃ اخلاص باموکل 313 مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد لوح تقدیر اکبر 41 عدد زعفران وعرق گلاب سے لکھ کر دریا کے پانی سے دھو ڈالیں۔ اسی طرح ہر روز مقررہ وقت پر 41 روز تک کریں۔ اگر کوئی ہر روز دریا کے پانی سے نہ دھو سکتا ہو تو وہ اکتالیسویں یوم جملہ نقوش کو آب رواں دریا میں ڈال دیں۔ پھر نیاز حضرت محمد مصطفی ﷺ دیکر معصوم بچوں میں بانٹ دیں۔ اب آپ اس عمل سورۃ اخلاص باموکل اور لوح تقدیر اکبر کے عامل ہیں۔ سورۃ اخلاص باموکل یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم o عزمت علیکم و اقسمت علیکم یا جبرائیل یا عطرائیل بحق قل ھو اللہ احد o یا میکائیل یا ھمواکیل بحق اللہ الصمد o یا اسرافیل یا طاطائیل بحق لم یلد ولم یولد یا عزرائیل یا رفتمائیل بحق ولم یکن لہ کفواً احمد o

٨	١١	١٤	١	چال
١٣	٢	٧	١٢	لوح
٣	١٦	٩	٦	
١٠	٥	٤	١٥	

لوح تقدیر اکبر یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ کریم ۲۳۴۸	رحیم مجیب ۲۳۶۱	وہاب سمیع ۲۳۵۸	فتاح مغیث ۲۳۵۵
فتاح مغیث ۲۳۵۹	وہاب سمیع ۲۳۵۴	رحیم مجیب ۲۳۴۹	اللہ کریم ۲۳۶۰
رحیم مجیب ۲۳۵۳	اللہ کریم ۲۳۵۶	فتاح مغیث ۲۳۶۳	وہاب سمیع ۲۳۵۰
وہاب سمیع ۲۳۶۲	فتاح مغیث ۲۳۵۱	اللہ کریم ۲۳۵۲	رحیم مجیب ۲۳۵۷

یہاں نام بمعہ والدہ و مقصد لکھیں

و کفیٰ باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

ترکیب استعمال: لوح تقدیر اکبر لکھنے کیلئے علیحدہ پاک وصاف جگہ کا انتخاب کریں۔ بخور اگربتی کا سلگائیں۔ رجال الغیب سامنے کی طرف نہ ہو۔ عامل منہ میں سچا موتی رکھے اور خوشبودار عطر لگا کر بیٹھے۔ اب ساعت مشتری، زہرہ، شمس یا پھر ساعت قمر میں لوح تقدیر اکبر کو سفید کاغذ پر زعفران و عرق گلاب سے لکھ کر مندرجہ بالا سورۃ اخلاص باموکل **41** مرتبہ اول و آخر **11-11** مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھ کر دم کریں۔ اسی طرح **11** روز تک کریں۔ لوح تقدیر اکبر کو تانبا، چاندی یا پھر سونا پر بھی کندہ کر سکتے ہیں۔ انشاء اللہ زیادہ سے زیادہ ۲۱ روز میں آپکا جو بھی مقصد ہو گا وہ پورا ہو جائیگا۔

نوٹ: اس عمل میں زکوٰۃ ادا کرتے وقت لوح کے نیچے نام بمعہ والدہ و مقصد لکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ البتہ بعد زکوٰۃ جس کو بھی لوح بنا کر دیں تو پھر نام بمعہ والدہ اور مختصر مطلب ضرور لکھ لیں۔

لوح زبان بندی

اگر اپنے دشمنوں اور مخالفوں کی زبان بند کرنا مقصود ہو جس سے آپ کی عزت وشہرت کو نقصان پہنچ رہا ہو تو اسم اعظم یا قابض کی یہ لوح کالی سیاہی سے لکھ کر بکری کی کھوپڑی میں رکھ کر یا منہ میں رکھ کر منہ باندھ دیں اور دریا میں پھینک دیں۔ انشاء اللہ تھوڑے ہی دنوں میں زبان بند ہو جائیگی۔

یا عطرائیل بحق یا قابض یا اسرافیل

یا قابض	یا قابض	یا قابض	یا قابض
یا قابض	یا قابض	یا قابض	یا قابض
یا قابض	یا قابض	یا قابض	یا قابض
یا قابض	یا قابض	یا قابض	یا قابض

یا عطرائیل بحق یا قابض یا اسرافیل

لوح زبان بندی کی پشت پر یہ لکھیں۔

بستم بستم بستم زبان فلاں بن فلاں بستم بستم بستم ہوش عقل گوش چشم فہم عقل دل و شش صد و ششت اعضائے بدن فلاں بن فلاں از برگفتن و بدخواستن و شر و فساد فی حق نام طالب بمعہ والدہ بحق یا قابض یا قابض یا قابض یا قابض یا قابض و بحق صم بکم عمی فہم لا یبصرون و صم بکم عمی فہم لا یبصرون و صم بکم عمی فہم لا یبصرون ○

صدری عمل برائے ہر مقصد

حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ اگر کسی شخص کو کوئی دینی یا دنیاوی مشکل پیش آئے تو وہ اس طرح کرے کہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کو روزہ رکھے اور بعد نماز جمعہ اس دعا کو اتنی مرتبہ ورد کرے کہ حال غالب آ جائے۔ پھر اپنی حاجت کا ذکر کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پوری ہوگی۔ سینکڑوں لوگ فیض یاب ہو چکے ہیں۔ پورے اعتماد کے ساتھ کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ○ اللھم انی اسئالک باسمک الرحمن الرحیم۔ اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم لاتاخذہ سنۃ ولا نوم لہ مافی السموت و ما فی الارض من ذالذی یشفع عندہ الا باذنہ یعلم مابین ایدیھم وما خلفھم ولا یحیطون بشیء من علمہ الا بما شآء وسع کرسیہ السموت والارض ولا یؤدہ حفظھما وھو العلی العظیم ○ الذی عفت لہ الوجوہ وخشعت لہ الاصوات و وجلت القلوب من خشیۃ اسئالک ان تصلی و تسلم علی سیدنا محمد و الہ و صحبہ وسلم وان تقضی حاجتی یہاں اپنی حاجت کا نام لے۔ استغاثہ بحضور حضرت ابوالفضل العباس علیہ السلام۔

قضائے حاجات اور سختیوں کے دور ہونے کے لئے باوضو ہو کر دو رکعت نماز ہدیہ حضرت عباس علیہ السلام پڑھیں۔ نماز کے بعد قبلہ کی طرف منہ کر کے کھڑے ہو جائیں اور خلوص نیت سے اس طرح عمل بجالائیں۔ **101** مرتبہ "اللھم صلی علیٰ محمد و علی محمد و علیٰ اھل بیتہ" پڑھیں **101** مرتبہ "صلی اللہ علیک یا اباالفضل العباس" پڑھیں پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر مندرجہ ذیل دعا **313** مرتبہ پڑھیں۔

یا کاشف الکرب عن وجہ الحسین علیہ السلام اکشف کربی بحق اخیک الحسین علیہ السلام ○

پھر **101** مرتبہ "صلی اللہ علیک یا اباالفضل

(بقیہ صفحہ نمبر 52 پر ملاحظہ کریں)